Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 19 جون 2026ء، 3 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 67

فیلڈ مارشل سے جمہوریہ گھانا کے آرمی چیف کی ملاقات

پاکستان اور گھانا نے فوجی تعلقات مزید مضبوط بنانے اور دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک نے مشترکہ تربیت، انسداد دہشت گردی اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا

عبدالرزاق عثمان نے چیف آف دی ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ایئر ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی، گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ولیم اگیاپونگ بھی ملاقاتوں میں موجود تھے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جمہوریہ گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ولیم ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جمہوریہ گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف کی جی ایچ کیو راولپنڈی میں ملاقات ہوئی۔ جی ایچ کیو آمد پر لیفٹیننٹ جنرل ولیم کو پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور گھانا نے فوجی تعلقات مزید مضبوط (بقیہ نمبر 1)

زراعت اور صنعت کی ترقی اقتصادی پالیسی کا بنیادی ستون ہے

پیداواری شعبوں کے لیے سازگار کاروباری ماحول فراہم کیا جائے گا، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ زراعت اور صنعت کی پائیدار ترقی حکومت کی اقتصادی پالیسی کا بنیادی ستون ہے، پالیسی سازی میں شراکت داروں سے مشاورت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ وزارت خزانہ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے یہ بات جمعرات کو یہاں پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے ایک وفد سے ملاقات میں کہی وفد کی قیادت چیئرمین شم لال منگلانی (بقیہ نمبر 2)

ورثا میں خواتین کا حق ریاست کا نہیں اللہ کا مقرر کردہ ہے

وفاقی آئینی عدالت نے بی بی آمنہ کیس کی سماعت کی جس دوران عدالت نے بلوچستان ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے اپنے ایک فیصلے میں کہا ہے کہ وراثت میں خواتین کا حق ریاست کا نہیں اللہ کا مقرر کردہ ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے بی بی آمنہ کیس کی سماعت (بقیہ نمبر 5)

ایندھن کی قیمتوں کا ہفتہ وار فارمولا مرتب کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل

وزیراعظم کی ہدایت ہے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام کو فوری منتقل کیا جائے، علی پرویز

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا ہفتہ وار فارمولا مرتب کرنیکے لیے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دے دی۔ وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزیراعظم، فیلڈ مارشل، (بقیہ نمبر 4)

پاکستان کیلئے 700 ملین ڈالر قرض کی منظوری

پروگرام کا مقصد انشورنس کوریج کو وسعت دینا اور تحفظ میں موجود خلا کو کم کرنا ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان میں انشورنس شعبے کی اصلاحات کے لیے 700 ملین ڈالر کی پالیسی پر مبنی قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے مطابق پروگرام کا مقصد انشورنس کوریج کو وسعت دینا اور (بقیہ نمبر 3)

سوشل میڈیا پر بڑھتے ہوئے نفرت انگیز مواد، غلط معلومات اور انتہا پسندی کے رجحانات کو روکیں

تفرقہ اور نفرت نئی نسل کیلئے زہر ناک ہے: وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا تعصب اور اشتعال انگیزی کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل اپنانے پر زور، سوشل میڈیا پر بڑھتے ہوئے نفرت انگیز مواد، غلط معلومات اور انتہا پسندی کے رجحانات کو روکیں

نفرت انگیز تقاریر انسانی حقوق کیلئے سنگین خطرہ، آزادیِ اظہار کے نام پر نفرت پھیلانے والوں کا محاسبہ ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی نوجوانوں سے اپیل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نفرت انگیز تقاریر کے انسداد کے عالمی دن پر تعصب اور اشتعال انگیزی کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل اپنانے پر زور دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نوجوانوں سے سوشل میڈیا پر بڑھتے ہوئے نفرت انگیز مواد، غلط معلومات اور انتہا پسندی کے رجحانات کو روکنے کی اپیل کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے معاشرے سے نفرت، تعصب اور تنگ نظری کے خاتمے کیلئے الحرام میں نفرت انگیز تقاریر کی بجائے امن، محبت اور بھائی چارے کے درس کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ سوشل (بقیہ نمبر 13)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین متحدہ عرب امارات کے سفیر کو ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

اسلام آباد، شوہر نے اپنی سابق بیوی اور ساس کو قتل کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے جی سکس ون فور میں سابق شوہر نے اپنی سابق بیوی اور ساس کو قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق راولپنڈی کے رہائشی (بقیہ نمبر 7)

نئے مالی سال میں شہر کی سڑکوں پر الیکٹرک ٹرام نظر آئے گی

مجوزہ روٹ سی بی ڈی سے جیل روڈ، مال روڈ سے استنبول چوک تک ہوگا، بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کہا ہے کہ لاہور میں الیکٹرک ٹرام چلانے کے لئے کنٹریکٹ کا عمل مکمل ہو چکا ہے جبکہ پروکیورمنٹ کا مرحلہ جاری ہے، نئے مالی سال میں شہر کی سڑکوں پر الیکٹرک ٹرام نظر آئے گی۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 6)

مریم نواز کی مزاج پرسی کیلئے امینہ اردوگان کا خصوصی خط

خرابی صحت اور سرجری کی خبر سن کر پریشانی محسوس ہوئی، علاج کے حوالے سے ہم ہر طرح کے تعاون کیلئے تیار ہیں' امینہ اردوگان کا خط

اللہ تعالیٰ مریم نواز شریف کو جلد اور مکمل صحت عطا فرمائے، نیک تمناؤں کا اظہار، پاکستان کے عوام کیلئے بھی خیر سگالی اور نیک خواہشات کا اظہار

لاہور (این این آئی) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوگان کی اہلیہ امینہ اردوگان نے خط کے ذریعے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی مزاج پرسی کی ہے۔ ترک خاتون اول امینہ اردوگان نے خط میں تحریر کیا ہے کہ آپ کی خرابی صحت اور سرجری کی خبر سن کر پریشانی محسوس ہوئی۔ آپ کے علاج کے حوالے سے ہم ہر طرح کے تعاون کے لئے تیار ہیں۔ امینہ اردوگان نے خط میں نیک تمناؤں کا اظہار (بقیہ نمبر 20)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین متحدہ عرب امارات کے سفیر کو ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

اسلام آباد، شوہر نے اپنی سابق بیوی اور ساس کو قتل کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے جی سکس ون فور میں سابق شوہر نے اپنی سابق بیوی اور ساس کو قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق راولپنڈی کے رہائشی (بقیہ نمبر 7)

نئے مالی سال میں شہر کی سڑکوں پر الیکٹرک ٹرام نظر آئے گی

مجوزہ روٹ سی بی ڈی سے جیل روڈ، مال روڈ سے استنبول چوک تک ہوگا، بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کہا ہے کہ لاہور میں الیکٹرک ٹرام چلانے کے لئے کنٹریکٹ کا عمل مکمل ہو چکا ہے جبکہ پروکیورمنٹ کا مرحلہ جاری ہے، نئے مالی سال میں شہر کی سڑکوں پر الیکٹرک ٹرام نظر آئے گی۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 6)

مریم نواز کی مزاج پرسی کیلئے امینہ اردوگان کا خصوصی خط

خرابی صحت اور سرجری کی خبر سن کر پریشانی محسوس ہوئی، علاج کے حوالے سے ہم ہر طرح کے تعاون کیلئے تیار ہیں' امینہ اردوگان کا خط

اللہ تعالیٰ مریم نواز شریف کو جلد اور مکمل صحت عطا فرمائے، نیک تمناؤں کا اظہار، پاکستان کے عوام کیلئے بھی خیر سگالی اور نیک خواہشات کا اظہار

لاہور (این این آئی) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوگان کی اہلیہ امینہ اردوگان نے خط کے ذریعے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی مزاج پرسی کی ہے۔ ترک خاتون اول امینہ اردوگان نے خط میں تحریر کیا ہے کہ آپ کی خرابی صحت اور سرجری کی خبر سن کر پریشانی محسوس ہوئی۔ آپ کے علاج کے حوالے سے ہم ہر طرح کے تعاون کے لئے تیار ہیں۔ امینہ اردوگان نے خط میں نیک تمناؤں کا اظہار (بقیہ نمبر 20)

انمول کینسر ہسپتال میں مریضوں کی سہولت کیلئے رضاکارانہ پروگرام کا آغاز

اس پروگرام کا مقصد کینسر کے مریضوں کی مدد اور رہنمائی کیلئے نوجوان طلبہ کو اکٹھا کرنا اور خدمت کے کلچر کو فروغ دینا ہے

ایک ماہ کی باقاعدہ مصروفیت کے دوران، یہ طلبہ مریضوں اور ان کے تیمارداروں کی مدد کریں گے، ہسپتال کے اندر رہنمائی فراہم کریں گے

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ممبر سائنس ڈاکٹر شکیل عباس رونی، ڈائریکٹر انمول ہسپتال ڈاکٹر آرزو فاطمہ سلیمو فیکلٹی ممبران کی شرکت

لاہور (این این آئی) اٹامک انرجی کینسر ہسپتال انمول میں پہلے رضاکارانہ پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد ہسپتال آنے والے کینسر کے مریضوں کی مدد اور رہنمائی کے لیے نوجوان طلبہ کو اکٹھا کرنا اور ساتھ ہی نوجوانوں میں ہمدردی، سماجی خدمت اور شہری ذمہ داری کے کلچر کو فروغ دینا ہے۔ رضاکارانہ پروگرام کی افتتاحی تقریب انمول ہسپتال میں منعقد ہوئی، جس (بقیہ نمبر 8)

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ممبر سائنس ڈاکٹر شکیل عباس رونی اور انمول کینسر ہسپتال کی ڈائریکٹر ڈاکٹر آرزو فاطمہ سلیم کا رضاکار پروگرام کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

مرحوم چوہدری عبدالحمید کی سیاسی خدمات کو خراجِ تحسین پیش

مرحوم چوہدری عبدالحمید کے خاندان سے مسلم لیگ (ن) کا بہت پرانا اور گہرا تعلق ہے، سابق وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق

سینئر مسلم لیگی رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے اسلام آباد میں رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید سے ملاقات کی

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) مرحوم چوہدری عبدالحمید کے خاندان سے مسلم لیگ (ن) کا بہت پرانا اور گہرا تعلق ہے، مشکل حالات اور سیاسی آزمائشوں میں یہ خاندان ہمیشہ میاں نواز شریف کے ساتھ ثابت قدم رہا۔ ان خیالات کا اظہار سینئر مسلم لیگی رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے اسلام آباد میں رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ سرگودھا سے چوہدری حامد حمید نے بھی ہر مشکل دور میں مسلم لیگ (ن) کا بھرپور ساتھ دیا۔ آمریت کے دور میں (بقیہ نمبر 9)

سینئر مسلم لیگی رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق کا اسلام آباد میں رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

لائسنس یافتہ ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیاں جس گھر پر چاہیں ٹاور لگا سکتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) لائسنس یافتہ موبائل فون اور ٹیلی کمیونی کیشن کمپنیاں جہاں چاہے آپٹیکل فائبر بچھا سکیں گی۔ قومی اسمبلی نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل منظور سینیٹ میں پیش کر لیا ہے جس کے بعد یہ بل سینیٹ میں پیش کیا جائے گا۔ ترمیمی بل کے مطابق نجی جائیداد کے مالکان اور سرکاری ادارے ٹیلی کمیونیکیشن (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد ہائیکورٹ، موسم گرما کی سالانہ تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے موسم گرما کی سالانہ تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ چیف جسٹس کی منظوری کے بعد رجسٹرار محمد یار ولانہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں یکم جولائی سے 31 اگست 2026ء تک تعطیلات ہوں گی۔

پاکستان میں ملکی سرمایہ کاری، چین بدستور سرفہرست

مئی کے دوران چینی سرمایہ کاروں نے پاکستان میں 90.4 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی

اسلام آباد (این این آئی) چین مئی 2026 کے دوران پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (FDI) کا سب سے بڑا ذریعہ رہا اور ملک میں آنے والی مجموعی خالص سرمایہ کاری کا تقریباً 37 فیصد حصہ چین سے حاصل ہوا۔ یہ بات اسٹیٹ بینک (بقیہ نمبر 11)

موٹروے پولیس بیٹ نمبر 14 کی فائر سیفٹی آگاہی مہم کا آغاز

ڈی ایس پی ایوب لودھی کی ڈرائیوروں اور گاڑی مالکان کو حفاظتی تدابیر اپنانے کی تلقین

شارٹ سرکٹ اور حادثات کی صورت میں فوری ردعمل کے لیے فائر ایکسٹنگوئشر ناگزیر قرار

گاڑیوں میں آگ بجھانے کا آلہ لازمی رکھنے کی وارننگ بصورت دیگر کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا

موٹروے پولیس نے دورانِ سفر شہریوں کو جان و مال کے تحفظ کے لئے آگاہی فراہم کر رہی ہے

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) موٹروے پولیس نے دورانِ سفر شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور حادثات کے خطرات میں کمی کے لیے فائر سیفٹی آگاہی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ آئی جی موٹروے پولیس، ڈی آئی جی سینٹرل زون کے احکامات اور ایس ایس پی سکیٹر کمانڈنٹ عاطف شہزاد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں موٹروے پولیس بیٹ نمبر 14 کی جانب سے گاڑیوں میں آگ بجھانے کے آلات (فائر ایکسٹنگوئشر) کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے خصوصی مہم جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈی ایس پی (بقیہ نمبر 12)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا خواتین بینیفشریز کیلئے انقلابی اقدام

ون لنک اور پارٹنر بینکوں کے درمیان انٹر آپریبل ادائیگی نظام کے معاہدوں پر دستخط کرنے کی تقریب کا انعقاد

یہ اقدام ایک کروڑ سے زائد مستحق خاندانوں کے لیے سہولت، مالی خودمختاری اور مالی شمولیت کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا

تاریخی پیش رفت بی آئی ایس پی کے ادائیگی نظام میں ایک بنیادی اور انقلابی تبدیلی کا آغاز ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (این ای این) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مستحق خواتین کی مالی نظام میں شمولیت کو یقینی بنانے کیلئے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ون لنک اور پارٹنر بینکوں کے درمیان انٹر آپریبل ادائیگی نظام کے معاہدوں پر دستخط کیے گئے۔ تقریب کی صدارت چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کی جبکہ اس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ون لنک، حبیب بینک لمیٹڈ، (بقیہ نمبر 14)

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد ون لنک اور پارٹنر بینکوں کے درمیان انٹر آپریبل ادائیگی نظام کے معاہدوں کی دستخطوں کی تقریب کی صدارت کر رہی ہیں

پولیس موبائل میں چرس کی سگریٹ بنانے کی ویڈیو وائرل، رپورٹ طلب

اعلیٰ حکام کی نوجوانوں کی شناخت کر کے قانونی کارروائی کرنے کی ہدایت

عمرکوٹ (این این آئی) پولیس موبائل میں چرس کی سگریٹ بنانے کے واقعے پر اکوائری رپورٹ طلب کر لی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عمرکوٹ میں پولیس موبائل میں چرس کی سگریٹ بنانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس پر اعلیٰ حکام نے ڈی ایس (بقیہ نمبر 16)

بجٹ پر بحث میں 56 سینیٹرز نے حصہ لیا، چیئرمین سینٹ

ارکان نے بجٹ پر اپنی آرا، سفارشات اور تحفظات پیش کیے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ بجٹ پر بحث میں 56 سینیٹرز نے حصہ لیا جو عوامی مالیات پر بامعنی پارلیمانی نگرانی کے حوالے سے ایوان بالا کے مضبوط عزم کا مظہر ہے۔ جمعرات کو سینیٹ میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی جانب سے بجٹ بحث سمیٹنے کے بعد اپنے اختتامی کلمات میں چیئرمین سینیٹ نے (بقیہ نمبر 17)

چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کر رہی ہیں

تفتان بارڈر پر پاک ایران تجارتی ویزا بحال

ویزا بحالی سے پاک ایران تجارتی روابط مزید مضبوط اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستانی تاجروں کے لیے تقریباً ایک سال بعد تفتان بارڈر پر تجارتی ویزا سہولت دوبارہ فعال کر دی گئی ہے۔ بلوچستان ہوم ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ حکام کے مطابق ویزا بحالی سے پاک ایران تجارتی روابط مزید مضبوط (بقیہ نمبر 18)

شکر گڑھ سے بھارتی ساختہ ایک کلوزنی 51 ایم ایم مارٹر برآمد

محکمہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا

نارووال (این این آئی) شکر گڑھ سے بھارتی ساختہ ایک کلوزنی 51 ایم ایم مارٹر برآمد ہوا جسے محکمہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔ بتایا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیر نگرانی اور ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کی سربراہی میں محکمہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 19)

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ سوئٹزرلینڈ منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا سوئٹزرلینڈ میں ایران، امریکہ کے درمیان معاہدے کی تقریب میں شرکت کیلئے شیڈول دورہ منسوخ کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم نے جمعرات کی رات سوئٹزرلینڈ روانہ ہونا تھا۔ ایران اور امریکہ کے درمیان ایم او یو پر دستخط کی تقریب الیکٹرانک طور پر (بقیہ نمبر 15)

ایران امریکہ معاہدہ خوش آئند، حکومت فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے، خاقان وحید خواجہ

جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں آخرکار مذاکرات کی میز پر ہی آنا پڑتا ہے

وزیراعظم اپنا وعدہ پورا کریں اور پٹرول کی قیمتیں جنگ سے پہلے والی سطح پر بحال کریں، غریب کو جینے کا حق دیا جائے،، سربراہ پاکستان عوامی قوت پارٹی

ہم پاکستان عوامی قوت پارٹی غریب کے ساتھ ہیں اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے ہر پلیٹ فارم پر اپنی آواز بلند کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل اور راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے ایران امریکہ معاہدہ کو عالمی دنیا کے امن کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ (بقیہ نمبر 23)

سپیکر پنجاب اسمبلی سے نیدرلینڈ کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات، تجارت، تعلیم اور پارلیمانی تعاون کے فروغ پر تفصیلی گفتگو

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے نیدرلینڈ کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ نے سپیکر چیمبر میں ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان اور نیدر (بقیہ نمبر 21)

اے آئی جی آپریشنز سعود خان سنٹرل پولیس آفس میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

کزن کی گھر میں گھس کر کزن سے زیادتی، ویڈیو وائرل کر دی

پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے شروع کر دیئے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ گوجر خان کے علاقے میں کزن نے گھر میں گھس کر کزن کو زیادتی کا نشانہ بنا لیا، نازیبا ویڈیو بھی وائرل کر دی، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکی نے پولیس کو بتایا کہ والد کیساتھ ہی (بقیہ نمبر 22)

سوشل میڈیا آمدن پر ٹیکس، قومی اسمبلی خزانہ کمیٹی نے منظوری دیدی

ایکسپورٹرز پر ایک فیصد ایڈوانس ٹیکس کے خاتمے کی تجویز بھی منظور کر لی گئی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی نے بھی مالی سال 27-2026ء میں سوشل میڈیا سے حاصل آمدن پر ٹیکس عائد کرنے کی دی گئی تجویز منظور کر لی۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر حکام نے بتایا کہ یوٹیوب سے ڈالرز بینک میں آئیں گے تو وہاں دو ہولڈنگ ٹیکس لگے گا، ملک میں اس وقت سوشل میڈیا سے کمائی 01 ارب روپے (بقیہ نمبر 24)

پنجاب محتسب کے پروگرام "عوامی خدمت" کے تحت ڈائریکٹر انفارمیشن آفس میں آگاہی نشست کا انعقاد

عوام بغیر فیس اور وکیل کے سرکاری محکموں کے خلاف شکایات درج کرا سکتے ہیں، ایڈوائزر محتسب سرگودھا ریجن محمد الیاس گل

صحافی برادری محتسب پنجاب اور عوام کے درمیان مؤثر رابطے کا کردار ادا کرے، ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن نعیم ملک

سرگودھا (این ای این) پنجاب محتسب کے پروگرام "عوامی خدمت" کے تحت ڈائریکٹر انفارمیشن آفس میں ایک آگاہی نشست کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد صوبائی محتسب پنجاب کے ادارے کی خدمات اور عوام کو فراہم کردہ سہولیات سے متعلق آگاہی دینا تھا۔ نشست سے خطاب کرتے ہوئے ایڈوائزر محتسب سرگودھا ریجن محمد الیاس گل نے کہا کہ یہ آگاہی مہم صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد کی ہدایات پر شروع کی گئی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ادارے کی خدمات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی محتسب پنجاب کے دفاتر ڈویژنل اور ضلعی سطح پر قائم ہیں جہاں شہری (بقیہ نمبر 25)

سرگودھا۔ ایڈوائزر محتسب پنجاب سرگودھا ریجن محمد الیاس گل میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں، ڈائریکٹر انفارمیشن نعیم ملک بھی موجود ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دہشت گردی اور افغانستان

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کا براہِ راست تعلق افغانستان سے ہے' اس مسئلے پر پوائنٹ سکورنگ نہیں ہونی چاہیے۔قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع کا یہ بھی کہنا تھا کہ پاکستان بات چیت اور نتیجہ خیز مذاکرات کیلئے تیار ہے مگر اس کی ضمانت دینا ہوگی کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہوگی۔ پاکستان طویل عرصے سے سرحد پار سے ہونیوالی شورش کا شکار ہے اور وزیر دفاع کا یہ بیان اس تلخ حقیقت کا اعتراف ہے کہ جب تک مغربی سرحد کے اُس پار موجود محفوظ پناہ گاہوں اور سہولت کاری کا سلسلہ بند نہیں ہوتا' تب تک ملک کے اندر پائیدار امن کا حصول محال ہے۔یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ افغانستان میں عدم استحکام کا خمیازہ سب سے زیادہ پاکستان نے بھگتا ہے۔پاکستان کی سول اور عسکری قیادت نے کابل انتظامیہ کیساتھ کئی مذاکراتی ادوار کیے' اعلیٰ سطحی وفود نے دورے کیے اور سفارتی سطح پر تحفظات کا تبادلہ بھی ہوتا رہا لیکن ان تمام تر کوششوں کے باوجود مسائل جوں کے توں رہے' حتیٰ کہ ناچار ہو کر رواں سال فروری' مارچ میں پاکستان کو غضب للحق جیسے ٹارگٹڈ آپریشن اور انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے ذریعے اپنے دفاع کے حق کو یقینی بنانا پڑا۔

دہشت گردی کا ابھرتا ہوا مسئلہ محض ایک سکیورٹی چیلنج نہیں بلکہ یہ پاکستان کے معاشی تسلسل اور مجموعی استحکام کیلئے بھی ایک سنگین خطرہ ہے۔پاکستان اس وقت نازک معاشی موڑ پر کھڑا ہے' جہاں اسے بیرونی سرمایہ کاری' صنعتی ترقی اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کی اشد ضرورت ہے۔ایسے میں امن وامان کی غیر یقینی صورتحال نہ صرف پورے معاشی ڈھانچے کیلئے خطرہ ہے بلکہ یہ حکومت کو اپنے قیمتی وسائل عوامی فلاح و بہبود اور معاشی بحالی پر خرچ کرنے کے بجائے سکیورٹی انتظامات پر منتقل کرنے پر مجبور کر دیتی ہے۔دہشتگردی کے سبب گزشتہ دو عشروں میں پاکستان 152 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان اٹھا چکا جبکہ 90 ہزار سے زائد قیمتی جانیں اس جنگ کا نوالہ بن گئیں۔ایک سکیورٹی تنظیم کے مطابق گزشتہ ماہ (مئی) دہشت گردی کے واقعات میں 27 فیصد اضافہ ہوا۔ 71 شہری' امن کمیٹیوں کے چھ ارکان اور 68 سکیورٹی اہلکار شہید اور 185 افراد زخمی ہوئے۔اپریل کے مقابلے میں' شہری جانی نقصان میں 92 فیصد جبکہ سکیورٹی اہلکاروں کی شہادتوں میں 68 فیصد اضافہ ہوا۔ یہ اعداد و شمار دہشتگردی کے خلاف جامع اور جارحانہ حکمتِ عملی کے متقاضی ہیں۔اس بڑھتے ہوئے خطرے کے سدباب کیلئے ریاست اپنی اندرونی دفاعی لائن کو مزید مضبوط اور فول پروف بنائے۔

مالی سال 2027-2026 کا بجٹ اور ملکی معیشت۔۔۔۔

تحریر۔۔قاسم فاروق (لاہور)

پاکستان کا مالی سال 2026-2027 کا بجٹ ایک ایسے وقت پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا ہے جب ملکی معیشت استحکام کی راہ پر گامزن ہو چکی ہے اور اب وقت آ گیا ہے کہ اس استحکام کے ثمرات براہِ راست عوام، خصوصاً ملک کے ریڑھ کی ہڈی سمجھے جانے والے مڈل کلاس طبقے اور قانون پسند ٹیکس دہندگان تک پہنچائے جائیں۔کسی بھی ترقی پذیر ملک کی معاشی بقا اور خودمختاری کا دارومدار اس بات پر ہوتا ہے کہ اس کا ٹیکس کا نظام کتنا منصفانہ، شفاف اور جامع ہے۔موجودہ بجٹ میں پیش کی جانے والی تجاویز، بالخصوص دستاویزی معیشت کے فروغ اور ٹیکس سلیب میں ریلیف کے اقدامات، نہ صرف ملکی معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کی ایک سنجیدہ کوشش ہیں بلکہ ان سے عام آدمی اور فائلرز کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کا ایک نیا باب کھلا ہے۔ اس مضمون کا بنیادی مقصد انہی مثبت پہلوؤں کا احاطہ کرنا ہے کہ کس طرح یہ نئے اقدامات معیشت کو سہارا دیں گے اور موجودہ اصلاحات کس طرح مڈل کلاس طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کا باعث بنیں گی۔

ماضی میں پاکستان میں ٹیکسیشن کے روایتی نظام سے وسیع پیمانے پر ٹیکس جمع کرنا ممکن نہ تھا۔گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف حکومتوں نے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے اور معیشت کو دستاویزی شکل دینے کیلئے مختلف قسم کے اقدامات کیے جس سے ٹیکس کلیکشن میں اضافہ تو ہوا لیکن اس کا ایک نتیجہ یہ نکلا کہ ٹیکس کا سارا بوجھ پہلے سے رجسٹرڈ اور تنخواہ دار طبقے پر پڑ گیا۔ماضی کی پالیسیوں میں نان فائلرز اور فائلرز کے درمیان کوئی واضح اور مؤثر تفریق موجود نہیں تھی، بلکہ بعض مبصرین کا خیال تھا کہ ماضی کے طریق کار میں ٹیکس چوری کرنے والوں کی نادانستہ طور پر حوصلہ افزائی ہو رہی تھی اور قانون کے مطابق ٹیکس ادا کرنے والے فائلرز کو پیچیدہ طریقہ کار اور ایف بی آر کے فیلڈ افسران کی صوابدیدی کارروائیوں کے ذریعے ہراساں کیا جاتا تھا۔اس سے نہ صرف ریاست اور شہریوں کے درمیان اعتماد کے رشتے کو کمزور ہوتا ہے بلکہ اس سے ملک میں غیر دستاویزی اور متوازی معیشت کو بھی فروغ ملتا ہے۔تاجروں اور ریٹیلرز کی ایک بہت بڑی تعداد، جو ملکی معیشت کا ایک بڑا حصہ ہیں، ٹیکس کے نظام سے مکمل طور پر باہر رہی۔ماضی میں آڈٹ اور اسیسمنٹ کے معاملات میں انسانی مداخلت کی وجہ سے کرپشن اور ٹیکس چوری کا احتمال بڑھا۔

موجودہ مالی سال کے بجٹ میں حکومت نے ٹیکس سسٹم کی ان خرابیوں کا ادراک کرتے ہوئے ایک انقلابی اور واضح حکمتِ عملی اپنائی ہے، جس کا حتمی مقصد نئے ٹیکس لگانے یا شرح میں اضافہ کرنے کے بجائے موجودہ قوانین کے نفاذ اور دستاویزی معیشت کے پھیلاؤ کے ذریعے محصولات کو بڑھانا ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑا اور نمایاں ریلیف مڈل کلاس تنخواہ دار طبقے کو فراہم کیا گیا ہے، جس کی مشکلات کا حکومت کو بخوبی احساس ہے۔نئے بجٹ میں سالانہ 22 لاکھ سے 32 لاکھ روپے کمانے والے تنخواہ دار افراد کے لیے ٹیکس کی شرح کو 23 فیصد سے کم کر کے 20 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ 32 لاکھ سے 41 لاکھ روپے کمانے والوں کے لیے یہ شرح 30 فیصد سے گھٹا کر 25 فیصد کر دی گئی ہے۔اسی طرح 41 لاکھ سے 56 لاکھ روپے سالانہ آمدن والے افراد کے لیے انکم ٹیکس کی شرح 35 فیصد سے کم کر کے 29 فیصد اور 56 لاکھ سے 70 لاکھ روپے تک تنخواہ حاصل کرنے والوں کے لیے ٹیکس کی شرح کو 35 فیصد سے کم کر کے 32 فیصد کرنے کی اہم تجاویز دی گئی ہیں۔اس سے بھی بڑھ کر ایک تاریخی اقدام یہ کیا گیا ہے کہ تنخواہ دار طبقے پر عائد دیرینہ سرچارج جو کہ نو فیصد تک تھا، اب مکمل طور پر ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔یہ اقدامات مڈل کلاس کے لیے ایک بہت بڑا ریلیف فراہم کریں گے اور ان کی قوتِ خرید میں اضافہ ہوگا، جس سے ملک میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔

دستاویزی معیشت کے فروغ اور چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اس بار حکومت نے اپنی روایتی حکمتِ عملی کو تبدیل کر کے مشاورت اور آسانیاں پیدا کرنے کا راستہ اختیار کیا ہے۔ اس بجٹ میں انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 99B کے تحت چھوٹے دکانداروں کے لیے ایک انتہائی آسان اور پرکشش 'فکسڈ ٹیکس سسٹم' متعارف کرایا گیا ہے۔اس اسکیم کے تحت وہ تمام دکاندار آ سکتے ہیں جن کی سالانہ فروخت 20 کروڑ روپے یا اس سے کم ہے اور انھیں اپنی سالانہ سیلز کا صرف ایک فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا، جس میں وہ اپنا ود ہولڈنگ ٹیکس بھی ایڈجسٹ کرا سکیں گے۔اس نظام کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ان تاجروں کا روٹین میں کوئی آڈٹ نہیں ہوگا، خریداری پر ود ہولڈنگ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی اور انھیں پوائنٹ آف سیل (POS) مشین رکھنے سے بھی استثنا ہوگا۔قانون پسند دکانداروں کو ایف بی آر کی طرف سے ایک سبز رنگ کی تختی دی جائے گی جس پر تصدیق شدہ کیو آر کوڈ چسپاں ہوگا اور اس تختی کی دکان پر موجودگی کی صورت میں کسی بھی ایف بی آر اہلکار کو پوچھ گچھ کے لیے دکان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ٹیکس گوشوارہ بھی اردو اور مقامی زبانوں میں صرف ایک صفحے کا ہوگا، جس سے عام دکاندار بغیر کسی وکیل یا پیچیدگی کے اپنا ٹیکس خود جمع کرا سکے گا، اور یوں معیشت کو دستاویزی بنانے کے ساتھ ساتھ تاجروں کو تحفظ اور عزت دی گئی ہے۔

تعمیراتی اور رئیل اسٹیٹ کے شعبے کی بحالی بھی فائلرز کے لیے اس بجٹ کا ایک انتہائی مثبت پہلو ہے، کیونکہ جب کنسٹرکشن کا شعبہ چلتا ہے تو اس کے ساتھ سیمنٹ، لوہا، شیشہ، پینٹس اور ہارڈ ویئر سمیت 40 سے زائد دیگر صنعتیں وابستہ ہیں جو مڈل کلاس اور عام مزدور طبقے کو لاکھوں روزگار کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ حکومت نے جائیداد کی منتقلی پر عائد ود ہولڈنگ ٹیکس کو معقول بناتے ہوئے فائلرز کے لیے خریداری پر ٹیکس 2.5 فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد اور فروخت پر 5.5 فیصد سے کم کر کے 2.75 فیصد کرنے کی تجویز دی ہے، جس سے نہ صرف رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں مندی کا خاتمہ ہوگا بلکہ غیر رجسٹرڈ سرمائے کو قانونی اور دستاویزی شکل میں لانے کی ترغیب ملے گی۔اسی طرح معیشت کو مزید ڈیجیٹل اور دستاویزی بنانے کے لیے بینکوں کے جاری کردہ کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ کے بیرونِ ملک استعمال پر عائد 5 فیصد ود ہولڈنگ ٹیکس کو کم کر کے صرف 0.5 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے تاکہ لوگ رقم کی منتقلی کے لیے ہنڈی یا دیگر غیر روایتی اور غیر قانونی ذرائع کا استعمال چھوڑ کر رسمی اور دستاویزی بینکنگ چینلز کی طرف راغب ہوں، جس سے معیشت کو مانیٹر کرنا آسان ہو جائے گا۔

بجٹ کا ایک اور انقلابی اور جدید ترین پہلو ایف بی آر کے اندر 'نیشنل فیس لیس سینٹر اینڈ اسیسمنٹ سسٹم' کا قیام ہے، جو ٹیکس کے نظام سے کرپشن اور ہراسانی کے خاتمے میں ایک میل کا پتھر ثابت ہوگا۔ ماضی میں ٹیکس دہندگان اور ٹیکس افسران کے درمیان براہ راست رابطہ ہی کرپشن اور من مانی اسیسمنٹ کی بنیادی وجہ تھا، لیکن اب صوابدیدی اور غیر صوابدیدی افعال کو قانوناً ایک دوسرے سے الگ کر دیا گیا ہے۔نیشنل فیس لیس سینٹر میں آڈٹ اور اسیسمنٹ کا کام مکمل طور پر انسانی مداخلت کے بغیر اور ڈیٹا کی بنیاد پر خودکار طریقے سے ہوگا، جہاں سنگل اور ڈبل بلائنڈ موڈ کے تحت ٹیکس دہندہ اور ٹیکس آفیسر ایک دوسرے کی شناخت سے مکمل طور پر بے خبر ہوں گے اور تمام پیغام رسانی صرف پورٹل کے ذریعے ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ 'الگورتھمک سیٹلمنٹ میکانزم' اور 'سینٹرل ڈیٹا ہب' کے ذریعے گاڑیوں، جائیدادوں، بینکوں اور یوٹیلیٹی ریکارڈز کے ڈیٹا کو یکجا کر کے ٹیکس پیئرز کا رسک پروفائل تیار کیا جائے گا، اور اگر کوئی سقم پایا گیا تو سسٹم خودکار طریقے سے سیٹلمنٹ کی پیشکش کرے گا، جسے قبول کر کے ٹیکس دہندہ بغیر کسی اضافی جرمانے یا انسانی پریشانی کے اپنا گوشوارہ درست کر سکے گا۔یہ ٹیکنالوجی پر مبنی نظام فائلرز کے لیے بے پناہ آسانیاں پیدا کرے گا اور ٹیکس چوری کے راستے ہمیشہ کے لیے بند کر دے گا۔

مجموعی طور پر، دستاویزی معیشت کا فروغ اور ٹیکس سلیب میں ریلیف مڈل کلاس اور فائلرز کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت کے طویل مدتی استحکام کی مضبوط ضمانت ہیں۔مڈل کلاس طبقے کو ملنے والا ٹیکس ریلیف ان کی بچتوں اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو بڑھائے گا، جبکہ چھوٹے تاجروں کے لیے فکسڈ ٹیکس اسکیم اور ٹیکنالوجی کا منصفانہ استعمال ٹیکس بیس کو وسیع کر کے ملکی ریونیو میں پائیدار اضافہ کرے گا۔ماضی کی غیر دستاویزی اور مبہم ٹیکسیشن کی مشقوں کو خیرباد کہہ کر ڈیجیٹل اور فیس لیس اصلاحات کی طرف پیش قدمی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان اب ایک جدید، دستاویزی اور مستحکم معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے، جہاں ٹیکس کا بوجھ چند کندھوں پر ڈالنے کے بجائے برابری اور انصاف کی بنیاد پر تقسیم کیا گیا ہے، جس سے نہ صرف معاشی خوشحالی آئے گی بلکہ عام آدمی کا ریاست پر اعتماد بھی بحال ہوگا۔

غزہ کی پکار

تحریر: صدف سرور

رات کی تاریکی جب غزہ کی گلیوں پر اترتی ہے تو وہاں صرف اندھیرا نہیں چھاتا، بلکہ بے شمار کہانیاں جاگ اٹھتی ہیں۔کہیں کسی ماں کی آنکھوں میں اپنے بچوں کی یاد کے آنسو چمکتے ہیں، کہیں کوئی معصوم بچہ ملبے کے درمیان کھڑا ہو کر آسمان کی طرف دیکھتا ہے، اور کہیں کسی بوڑھے کے ہونٹوں پر لرزتی ہوئی دعا ٹھہر جاتی ہے۔مگر ان سب آوازوں کے درمیان ایک آواز سب سے بلند ہے، ایک ایسی آواز جو زمین سے اٹھ کر آسمانوں تک پہنچتی ہے۔یہ غزہ کی پکار ہے۔

یہ پکار صرف زخمی جسموں کی نہیں، یہ ان دلوں کی پکار ہے جو ہر آزمائش کے باوجود اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہوئے۔یہ ان آنکھوں کی پکار ہے جو آنسوؤں سے بھری ہونے کے باوجود سجدے میں جھکنا نہیں بھولیں۔یہ ان لبوں کی پکار ہے جو درد کے عالم میں بھی "حسبنا اللہ ونعم الوکیل" کہتے رہتے ہیں۔

جب دنیا سوتی ہے تو غزہ جاگتا ہے۔وہاں کے لوگ خوف کے سائے میں بھی اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ٹوٹے ہوئے گھروں کے درمیان آذان کی آواز بلند ہوتی ہے تو محسوس ہوتا ہے جیسے ملبے سے بھی امید کے پھول کھل رہے ہوں۔گرد و غبار سے اٹے ہوئے چہرے اور آنسوؤں سے نم آنکھیں گواہی دیتی ہیں کہ ایمان کی روشنی کبھی بجھ نہیں سکتی۔

غزہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ایمان صرف آسانیوں کا نام نہیں، بلکہ طوفانوں کے درمیان بھی اللہ پر یقین قائم رکھنے کا نام ہے۔جب دنیا کے دروازے بند ہو جائیں تو آسمان کا دروازہ کھل جاتا ہے۔جب انسان بے بس ہو جائے تو دعا طاقت بن جاتی ہے۔اور جب ہر سہارا ٹوٹ جائے تو بندہ اپنے رب کے سب سے قریب ہو جاتا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

(کمزور نہ پڑو اور غم نہ کرو، اگر تم مومن ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔)(آل عمران:139)

غزہ کے لوگ اس آیت کی زندہ تفسیر معلوم ہوتے ہیں۔ان کے گھر ٹوٹ سکتے ہیں، مگر ان کا حوصلہ نہیں ٹوٹتا۔ان کی بستیاں اجڑ سکتی ہیں، مگر ان کا ایمان نہیں اجڑتا۔ان کے پاس دنیا کی طاقت نہیں، لیکن ان کے پاس وہ دولت ہے جو ہر دولت سے بڑی ہے اور وہ اللہ پر کامل بھروسہ ہے۔

غزہ کی گلیوں میں کھیلنے والے بچے شاید دنیا کے عام بچوں کی طرح کھلونوں سے نہیں کھیلتے، مگر ان کی آنکھوں میں امید کے چراغ روشن ہیں۔وہ جانتے ہیں کہ ان کا رب انہیں دیکھ رہا ہے۔وہ معصوم ہاتھ جو دعا کے لیے اٹھتے ہیں، وہ آنکھیں جو آسمان کی طرف دیکھتی ہیں، اور وہ دل جو اللہ کے ذکر سے جڑے ہوئے ہیں، انسان کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتے ہیں۔

کبھی کوئی ماں اپنے لختِ جگر کو سینے سے لگا کر دعا کرتی ہے، کبھی کوئی باپ اپنے خاندان کے لیے رحمت کی التجا کرتا ہے، اور کبھی کوئی بچہ اپنے ننھے ہاتھ اٹھا کر صرف اتنا کہتا ہے ''یا اللہ!'' یہ آوازیں زمین پر کمزور محسوس ہو سکتی ہیں، مگر آسمانوں میں ان کی گونج بہت بلند ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

(بے شک ہر تنگی کے ساتھ آسانی ہے)(سورت الشرح:6)

یہ آیت صدیوں سے اہل ایمان کے دلوں میں امید جگاتی آئی ہے۔غزہ کے لوگ بھی اسی امید کے سہارے زندگی گزار رہے ہیں۔وہ جانتے ہیں کہ آزمائش ہمیشہ نہیں رہتی، اور اللہ کی رحمت ہر اندھیرے سے زیادہ وسیع ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

"مومنوں کی مثال باہمی محبت، رحم دلی اور شفقت میں ایک جسم کی سی ہے، جب جسم کا ایک حصہ تکلیف میں ہوتا ہے تو سارا جسم بے چینی اور بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔"(بخاری و مسلم)

یہ حدیث ہمیں احساس دلاتی ہے کہ غزہ کا درد صرف غزہ کا درد نہیں، بلکہ پوری امت اور پوری انسانیت کا درد ہے۔اگر کہیں ایک بچہ بھوک سے رو رہا ہو، اگر کہیں ایک ماں اپنے بیٹے کے لیے دعا کر رہی ہو، اگر کہیں ایک بوڑھا بے بسی کے عالم میں آسمان کی طرف دیکھ رہا ہو، تو اس کی صدا ہر صاحب دل انسان تک پہنچنی چاہیے۔

غزہ کی پکار دراصل صرف مدد کی پکار نہیں، یہ بیداری کی پکار ہے۔یہ ہمیں اپنے دلوں کا جائزہ لینے کے لیے دعوت دیتی ہے۔یہ پوچھتی ہے کہ

کیا ہم نے اپنے رب سے تعلق مضبوط کیا؟

کیا ہم نے مظلوموں کے لیے دعا کی؟

کیا ہم نے اپنے دلوں میں رحم اور اخوت کو زندہ رکھا؟

شاید غزہ کا سب سے بڑا سبق یہی ہے کہ دنیا کی سب سے بڑی طاقت اسلحہ نہیں بلکہ ایمان ہے۔دیواریں گر سکتی ہیں، عمارتیں ملبہ بن سکتی ہیں، مگر وہ دل نہیں ٹوٹتے جن میں اللہ کا یقین زندہ ہو۔

تاریخ گواہ ہے کہ ظلم ہمیشہ عارضی ہوتا ہے۔فرعون کی طاقت بھی باقی نہ رہی، نمرود کی حکومت بھی ختم ہو گئی، مگر اللہ کا وعدہ ہمیشہ سچا رہا۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

(اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے)(سورت یوسف:21)

یہی یقین غزہ کے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہے۔یہی یقین انہیں ہر آزمائش میں ثابت قدم رکھتا ہے۔غزہ آج بھی زخمی ہے، مگر شکستہ نہیں۔غزہ آج بھی آزمائش میں ہے، مگر مایوس نہیں۔غزہ آج بھی رو رہا ہے، مگر اس کی آنکھوں میں امید ہے۔غزہ آج بھی خون میں نہایا ہوا ہے، مگر اس کے لبوں پر دعا باقی ہے۔غزہ آج بھی تکلیف میں ہے، مگر اس کے دل میں اللہ کی محبت زندہ ہے۔اور شاید غزہ کی سب سے بڑی پکار یہی ہے:

"اے امت مسلمہ! اپنے رب کی طرف لوٹ آؤ۔اپنے دلوں کو ایمان سے آباد کرو۔دعا کو اپنا ہتھیار بناؤ۔کیونکہ زمین کے سہارے ختم ہو سکتے ہیں، مگر آسمان والے کا سہارا کبھی ختم نہیں ہوتا۔"

یقیناً ایک دن ایسا آئے گا جب ہم مظلوموں کی آہیں رحمت میں بدل جائیں گی، آنسو مسکراہٹوں میں ڈھل جائیں گے اور آزمائشوں کی رات ختم ہو جائے گی۔کیونکہ اللہ کے ہاں دیر ہو سکتی ہے، اندھیر نہیں۔

غزہ کی پکار آج بھی فضاؤں میں گونج رہی ہے، اور ہر صاحب ایمان کے دل سے یہی صدا نکلتی ہے:

"اے اللہ! اہل فلسطین کی حفاظت فرما، ان کے زخموں پر اپنی رحمت کا مرہم رکھ، ان کے صبر کو قبول فرما، ان کے شہداء کی مغفرت فرما اور انہیں عزت، امن اور نصرت کاملہ عطا فرما۔آمین یا رب العالمین۔"

SHOWBIZ شوبز

لوک وسندھی گلوکار الن فقیر کی برسی 4 جولائی کو منائی جائے گی

لاہور (این این ائی) ملک کے معروف صوفی، لوک وسندھی گلوکار علی بخش (الن فقیر) کی برسی 4 جولائی کو منائی جائے گی۔الن فقیر کو صوفی شاعری کی خاص صنف کافی گانے میں ملکہ حاصل تھا۔الن فقیر 1932 کو سندھ میں پیدا ہوئے تھے ان کا اصل نام علی بخش تھا، وہ ریڈیو اور ٹیلی وژن پر یکساں مقبول تھے۔الن فقیر کو فنی دنیا میں متعارف کرانے کا سہرا سندھ کے ادیب، دانشور اور ماہر ثقافت ممتاز مرزا کے سر ہے۔الن فقیر نے سندھی، پنجابی، اردو، سرائیکی اور دوسری بہت سی زبانوں میں گانے اور صوفیانہ کلام گایا لیکن محمد علی شہکی کے ساتھ گایا جانے والا نغمہ تیرے عشق میں جو بھی ڈوب گیا۔

ثنا فیصل نے آئی وی ڈرپس لگوانے کی وجہ بتا دی

یہ وٹامنز اور ضروری غذائی اجزا حاصل کرنے کا آسان طریقہ ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف میزبان و اداکار فیصل قریشی کی اہلیہ ثنا فیصل نے آئی وی ڈرپس لگوانے کی وجہ بتا دی۔ثنا فیصل نے سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں انہیں اور فیصل قریشی کو ایک کاسمیٹک کلینک میں آئی وی ڈرپس لگواتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا ہے کہ مجھ سے سب سے زیادہ پوچھے جانے والے سوالات میں سے ایک یہ ہے کہ آپ آئی وی ڈرپس کیوں لگواتی ہیں؟ ثنا فیصل نے سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ میرے لیے روز مرہ زندگی کے معمولات کو بحال رکھنے میں میری مدد کرنے کا بہترین طریقہ ہیں۔

اداکارہ سنجیتا اگلے کی مبینہ خودکشی نے پوری انڈسٹری کو ہلا کر رکھ دیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ سنجیتا اگلے کی مبینہ خودکشی کے معاملے میں ساتھی اداکارہ نے اداکار اجوال شرما پر سنگین نوعیت کے الزامات عائد کردیے۔ ٹی وی ڈرامہ ''ساجن گھر'' کی معروف اداکارہ سنجیتا اگلے کی ممبئی کے اپارٹمنٹ میں مبینہ خودکشی نے پوری انڈسٹری کو ہلا کر رکھ دیا۔پولیس ابھی اس معاملے کی تحقیقات کر رہی تھی کہ اس کیس میں ایک نیا اور چونکا دینے والا موڑ آ گیا ہے۔ سنجیتا کی قریبی دوست اور اداکارہ اندراکشی کانجی لال نے سنجیتا کے ساتھی اداکار اجوال شرما پر ہراسانی کے سنگین الزامات عائد کردیے۔

رشمیکا مندانا کو بے قابو ہجوم سے بچانے کیلئے کریتی سینن ڈھال بن گئیں

مداحوں نے کریتی کو بڑی بہن جیسا کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی شہر پونے کے ایک معروف شاپنگ مال میں فلم کاک ٹیل ٹو کی تشہیری تقریب اس وقت غیر متوقع طور پر افراتفری کا شکار ہو گئی جب اداکاروں کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے مداحوں کا بڑا ہجوم امڈ آیا۔تقریب میں موجود ستاروں میں شاہد کپور، کریتی سینن اور رشمیکا مندانا شامل تھے، جو اپنی آنے والی فلم کی پروموشن کے سلسلے میں مختلف شہروں کا دورہ کر رہے ہیں۔ ابتدائی مرحلے میں پروگرام خوشگوار ماحول میں جاری رہا، جہاں فنکاروں نے مداحوں کے ساتھ گفتگو کی اور پونے کی مشہور اسٹریٹ فوڈ ڈش وڑا پاؤ بھی کھائی، جس کی ویڈیوز بعد ازاں سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہوئیں۔

ایک معمولی اور تفریحی گفتگو کو غیر ضروری طور پر تنازع بنا دیا گیا، علی سفینہ

میں اور میرب علی اچھے دوست ہیں اور ماضی میں ایک ساتھ کام بھی کر چکے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار، میزبان اور ماڈل علی سفینہ نے حال ہی میں عاصم اظہر اور میرب علی کی علیحدگی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں پر اپنا موقف بیان کیا ہے۔حال ہی میں علی سفینہ نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شریک ہوئے جہاں میزبان نادیہ خان نے ان سے عاصم اظہر اور میرب علی کی علیحدگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ہونے والی بحث سے متعلق سوال کیا۔نادیہ خان نے سوال کیا کہ کیا میرب علی کے ساتھ پوڈکاسٹ میں ہونے والی گفتگو جس میں ہانیہ عامر کا ذکر آیا تھا، اس علیحدگی کی وجہ بنی؟ سوال کے جواب میں علی سفینہ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ میں اور میرب علی اچھے دوست ہیں۔

22 سالہ بھارتی اداکارہ کی پراسرار موت کے بعد معاملہ پیچیدہ ہوگیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی ٹی وی انڈسٹری کی نوجوان اداکارہ سنجیتا او گلے کی پراسرار موت کے بعد معاملہ مزید پیچیدہ ہوتا جارہا ہے۔اداکارہ کے بھائی آکاش او گلے نے پہلی بار میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایسے نکات سامنے رکھے ہیں جنہوں نے اس افسوسناک واقعے کے گرد کئی نئے سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔آکاش او گلے کا کہنا ہے کہ ان کی بہن کی موت کو محض ایک عام خودکشی قرار دے کر نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔

انہوں نے دعویٰ کیا کہ سنجیتا اپنی وفات سے چند روز قبل مسلسل سشانت سنگھ راجپوت کا ذکر کر رہی تھیں اور ان کی آخری سوشل میڈیا سرگرمیوں میں بھی اسی حوالے کے آثار موجود تھے۔اداکارہ کے بھائی کے مطابق ایک حیران کن بات یہ ہے کہ سشانت سنگھ راجپوت نے 14 جون کو دنیا کو الوداع کہا تھا، جبکہ سنجیتا کی موت بھی اسی تاریخ کو سامنے آئی، البتہ دونوں واقعات کے درمیان چھ سال کا فرق ہے۔آکاش کا کہنا تھا کہ وہ اس مماثلت کو محض اتفاق نہیں سمجھتے اور ان کے خیال میں اس کے پس منظر میں مزید حقائق موجود ہو سکتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ سنجیتا کی آخری انسٹاگرام پوسٹ بھی سشانت سنگھ راجپوت کی برسی سے متعلق تھی۔

سوشل میڈیا کے ذریعے لاکھوں روپے کماتا ہوں، اورہان اوترامانی

ممبئی (این این آئی) اوری کے نام سے مشہور بھارتی سوشل میڈیا انفلوئنسر اورہان اوترامانی نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے ذریعے لاکھوں روپے کماتا ہوں، صرف ایک انسٹاگرام ریل سے انہیں 6 7 لاکھ بھارتی روپے کا معاوضہ ملا۔ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اوری نے بتایا کہ مجھے زیادہ تر آمدن برانڈز کے ساتھ کیے گئے معاہدوں اور خصوصی تقریبات میں شرکت سے حاصل ہوتی ہے۔سوشل میڈیا اسٹار نے بتایا کہ وہ مختلف تقریبات، جن میں ڈنر، شادیاں اور سالگرہ کی محافل شامل ہیں میں شرکت کیلئے 15 سے 25 لاکھ روپے تک معاوضہ لیتا ہوں۔انہوں نے بتایا کہ لوگ مجھے ایک تجربے کے طور پر تقریبات میں مدعو کرتے ہیں، جہاں وہ مہمانوں سے ملاقات کرتے ہیں، تصاویر بنواتے ہیں اور اپنے مخصوص انداز و پوز کے ذریعے تقریب کو یادگار بناتے ہیں۔

گووندا اور سنیتا کے درمیان طلاق کی افواہیں، بیٹی ٹینا پریشان

شوبز دنیا میں میڈیا کی جانب سے ہر دور میں نئی کہانیاں سامنے آتی رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار گووندا اور ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کی بیٹی ٹینا آہوجا نے کہا ہے کہ والدین کی ازدواجی زندگی بارے خبریں متاثر کرتی ہیں، تاہم اب انہیں نظرانداز کرنا سیکھ چکی ہوں۔ایک انٹرویو میں 36 سالہ ٹینا آہوجا نے کہا کہ بچپن سے ہی اپنے والدین کے حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں اور خبریں سنتی آ رہی ہوں، ان میں سے زیادہ تر باتیں بے بنیاد ہوتی ہیں یا انہیں بڑھا چڑھا کر پیش کیا جاتا ہے، جس سے انہیں ذہنی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وہ ایسی افواہوں پر وضاحت دینے کے بجائے خاموش رہنے کو ترجیح دیتی ہیں۔

بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی جو تصویر پیش کی جاتی ہے، وہ حقیقت سے مختلف ہے، گلوکار ہارون شاہد

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار اور گلوکار ہارون شاہد نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی جو تصویر پیش کی جاتی ہے، وہ حقیقت سے مختلف ہے، جبکہ ترقی، انفرااسٹرکچر اور شہری سہولتوں سے متعلق پاکستان بھارت سے زیادہ بہتر ہے۔ہارون شاہد حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شریک ہوئے، جہاں انہوں نے پاکستان اور بھارت کے بارے میں پائے جانے والے عالمی تاثرات پر گفتگو کی۔اداکار کا کہنا ہے کہ بہت سے لوگ سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں کچھ نہیں ہے، ہم بھکاری ہیں، ہمارے پاس گندم، فصلیں یا وسائل موجود نہیں، ایسے لوگوں کو پاکستان آ کر خود دیکھنا چاہیے، ہمارے پاس ہر چیز موجود ہے اور ہم ویسے نہیں ہیں جیسے بعض میڈیا ادارے ہمیں دکھاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انفرااسٹرکچر، ترقی، غربت، صفائی ستھرائی اور شہری شعور کے لحاظ سے پاکستان بھارت سے کہیں زیادہ ترقی یافتہ ہے، بین الاقوامی میڈیا بھی اب ان حقائق کو دیکھ رہا ہے۔ہارون شاہد کے مطابق بھارت کو یہ احساس کرنا چاہیے کہ عالمی سطح پر اپنے ملک کی جو تصویر وہ پیش کر رہا ہے، وہ مثبت تاثر پیدا نہیں کر رہی۔

SPORTS سپورٹس

فاطمہ ثناء نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ میں کئی ریکارڈز اپنے نام کر لیے

برمنگھم (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثناء نے شاندار آل راؤنڈ کھیل پیش کرتے ہوئے ایک منفرد ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔تفصیلات کے مطابق جنوبی افریقہ کے خلاف آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میچ میں فاطمہ ثناء کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کے باوجود پاکستان ٹیم کو دو وکٹوں سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔پاکستانی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مشکلات کا شکار تھی اور ایک وقت پہ 50 رنز پر آٹھ کھلاڑی آؤٹ ہو چکے تھے تاہم فاطمہ ثناء نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 38 گیندوں پر ناقابل شکست 55 رنز بنائے، ان کی اننگز میں چھ چوکے اور دو چھکے شامل تھے جبکہ یہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں ان کی پہلی نصف سنچری بھی تھی۔اس دوران انہوں نے طوبیٰ حسن کے ساتھ ریکارڈ پارٹنرشپ بھی قائم کی۔وہ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تاریخ میں آٹھویں یا اس سے نچلے نمبر پر بیٹنگ کرتے ہوئے سب سے بڑا اسکور کرنے والی کھلاڑی بھی بن گئیں۔ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقی ٹیم با آسانی کامیابی کی جانب بڑھ رہی تھی مگر فاطمہ ثناء نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے 16 رنز کے عوض تین وکٹیں حاصل کیں اور میچ کو دلچسپ بنا دیا۔انہوں نے اہم مواقع پر حریف ٹیم کے نمایاں بلے بازوں کو آؤٹ کیا تاہم جنوبی افریقا نے آخرکار ہدف حاصل کر لیا تاہم فاطمہ ثناء ایک ہی ٹی ٹوئنٹی میچ میں نصف سنچری بنانے اور تین وکٹیں حاصل کرنے والی پہلی کپتان بن گئیں۔

فیفا نے سوشل میڈیا پر لاکھوں کمنٹس ڈیلیٹ کردیے

زیورخ (این این آئی) فیفا نے ورلڈ کپ 2026 کے آغاز کے بعد سے سوشل میڈیا پر پھیلائے جانے والے نفرت انگیز اور نامناسب مواد کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کی ہے۔عالمی فٹبال تنظیم کے مطابق 11 جون سے اب تک کروڑوں پوسٹس اور تبصروں کا جائزہ لیا گیا جن میں سے 3 لاکھ 88 ہزار سے زائد مواد کو حذف کر دیا گیا۔فیفا کے اعداد و شمار کے مطابق ٹورنامنٹ کے آغاز سے اب تک تقریباً 38 لاکھ سوشل میڈیا پوسٹس کا تجزیہ کیا گیا جبکہ مجموعی نگرانی کے دوران 25 کروڑ سے زیادہ پوسٹس اور تبصروں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ان میں سے 3 کروڑ سے زائد مواد کو نقصان دہ یا نفرت پر مبنی قرار دیا گیا۔یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا جب فیفا، ٹک ٹاک اور امریکی شہر اٹلانٹا کی انتظامیہ نے نفرت انگیز تقاریر کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایک خصوصی اجلاس کا انعقاد کیا۔تقریب میں کھلاڑیوں، پالیسی سازوں، ٹیکنالوجی ماہرین اور سماجی رہنماؤں نے شرکت کی۔اجلاس میں فٹبال کو اتحاد، احترام اور مثبت سماجی اقدار کے فروغ کا ذریعہ بنانے پر زور دیا گیا جبکہ شرکاء نے نفرت انگیز رویوں کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھنے کا عہد بھی کیا۔

بھارتی کرکٹ بورڈ نے آئی پی ایل شیڈول میں تبدیلی پر غور شروع کر دیا

شیڈول میں تبدیلی کا مقصد کھلاڑیوں اور شائقین دونوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے کھلاڑیوں اور شائقین کو شدید گرمی سے بچانے کے لیے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کا شیڈول تبدیل کرنے پر غور شروع کر دیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق مجوزہ منصوبے کے تحت 2027 سے آئی پی ایل کا آغاز تقریباً 10 مارچ کو جبکہ اختتام 15 مئی کے آس پاس کیا جا سکتا ہے جو موجودہ شیڈول کے مقابلے میں تقریباً دو ہفتے پہلے ہوگا۔واضح رہے کہ آئی پی ایل 2026 کا انعقاد 28 مارچ سے 31 مئی تک ہوا تھا جبکہ گزشتہ کئی برسوں سے ٹورنامنٹ عموماً مارچ کے آخر سے مئی کے اختتام یا جون کے آغاز تک جاری رہتا ہے تاہم بی سی سی آئی حکام اب ٹورنامنٹ کو پہلے شروع کرنے کے مختلف آپشنز کا جائزہ لے رہے ہیں۔اس فیصلے کی بنیادی وجہ ایونٹ کے آخری مرحلے کے دوران بڑھتی ہوئی گرمی اور پری مون سون بارشوں کے خدشات ہیں۔بی سی سی آئی کے سیکریٹری دیواجیت سائیکیا نے کہا کہ شیڈول میں تبدیلی کا مقصد کھلاڑیوں اور شائقین دونوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنا ہے۔انہوں نے بتایا کہ مئی کے وسط کے بعد درجہ حرارت میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ بعض علاقوں میں پری مون سون بارشوں کا سلسلہ بھی شروع ہو جاتا ہے، جس سے میچز کے انعقاد میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔دیواجیت سائیکیا نے کہا کہ اس سال آئی پی ایل 28 مارچ کو شروع ہوا اور 31 مئی کو ختم ہوا۔15 مئی کے بعد بارشوں اور پری مون سون سیزن کے آغاز کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے جبکہ شدید گرمی بھی کھلاڑیوں اور تماشائیوں کے لیے موزوں نہیں ہوتی۔ذرائع کے مطابق مجوزہ تبدیلی کے تحت بی سی سی آئی ملکی ڈومیسٹک کرکٹ کیلنڈر میں بھی ردوبدل کر سکتا ہے تاکہ تمام مقامی ٹورنامنٹس 10 مارچ تک مکمل ہو جائیں۔

ہاکی فیڈریشن کا ٹیلنٹ کو عالمی سطح پر بہترین مواقع فراہم کرنے کیلئے اقدامات کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ملک میں ہاکی کے ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کو عالمی سطح پر بہترین مواقع اور سخت مقابلہ فراہم کرنے کے لیے متعدد بین الاقوامی ترقیاتی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔یہ اقدامات نوجوان کھلاڑیوں کو گروم کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے کے سلسلے کی ایک اہم کڑی ہیں۔پاکستان انڈر 18 بوائز ٹیم کی عمان میں ہونے والے فائیو اے سائیڈ ہاکی ٹورنامنٹ میں شرکت کی منظوری کے بعد، پی ایچ ایف نے اب پاکستان انڈر 18 ویمنز ہاکی ٹیم کو بھی بین الاقوامی سطح پر بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ویمنز ٹیم نیشنل ہاکی چیمپئن شپ کے فوری بعد انٹرنیشنل فائیو اے سائیڈ ایونٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرے گی۔مزید برآں پی ایچ ایف جولائی کے مہینے میں پاکستان انڈر 21 جونیئر ہاکی ٹیم کو بھی عمان بھیجے گی

CHIEF EXECUTIVE OFFICER
DISTRICT HEALTH & POPULATION DEPARTMENT
DISTRICT HEALTH ATUHORITY RAWALPINDI

OPEN AUCTION NOTICE

District Health Authority, Rawalpindi intends to Auction building materials items per following items demolition (with material) of its old building located at Zilla Council Rest House Union Council Rawat, Bhurban, Murree on as and where basis.

S#	Name	Details
01	Lot Number-01	Old Building Material and Dismantling Material

Interested parties who have sound experience in safe and organized already demolished buildings and to carry out building material from site may attend Open Auction, which will be held on July 09, 2026 at 10:30 hours at site Zilla Council Rest House Union Council, Rawat, Bhurban, Murree. Furthermore, the interested parties can visit the site after publication of advertisement during official hours except Sundays. (*Site 1*: Zila Council Rest House, Rawat Burbhan Murree & Site 2: 3 No. of residences of Maryam Nawaz Health Clinic UC Rawat, Murree)

Details with terms and conditions are given below as well as can be collected free of cost from the Planning and Development Branch of the office of the undersigned during (0900 Hours to 1500 Hours) except Sundays.

The District Health Authority Rawalpindi reserves the right to accept/reject any or all offer(s) at any time prior to the acceptance of an offer(s). The Authority shall upon request communicate to any contractor, the grounds for its rejection, but is not required to justify those grounds.

The interested bidders shall also submit call Deposit or Cash amounting to Rs, 30,000/- for each lot on the name of undersigned half hour before the start of auction time till 10:00am. The Successful bidder shall submit 25% of total auction wining price on the same day before the closing of official hours. Moreover, deposition of all taxes and any other formalities shall be liable on the bidder even on the later stage as per timeline of the Authority failing to do so 25% call deposit shall be forfeited. The auction shall be started with the reserve price as per Government Standard operating procedures and any auction price below the reserve price shall be rejected.

This advertisement will also be available on Punjab PPRA and on website www.pshealthpunjab.gov.pk-jmmediately after publication in the newspapers. The 10th July 2026 will be a reserve day in case the auction could not be held on schedule date due to any unavoidable circumstances.

CHIEF EXECUTIVE OFFICER
DISTRICT HEALTH AUTHORITY RAWALPINDI
Telephone:051-4831965

IPL-6275

بقیہ 1

بنانے اور دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک نے مشترکہ تربیت، انسداد دہشت گردی اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔لیفٹیننٹ جنرل ولیم اگیاپونگ نے علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کی مسلح افواج کے کردار کی تعریف کی۔گھانا کے نیشنل سیکیورٹی کوآرڈینیٹر عبدالرزاق عثمان کی نیول ہیڈکوارٹرز اور ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقاتیں ہوئیں۔عبدالرزاق عثمان نے چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے نیول ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔عبدالرزاق عثمان نے چیف آف دی ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ایئر ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی، گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ولیم اگیاپونگ بھی ملاقاتوں میں موجود تھے۔

بقیہ 2

کررہے تھے، ملاقات کا مقصد کپاس کے شعبے سے متعلق مسائل پر تبادلہ خیال کرنا اور اس صنعت کی معیشت میں شراکت، برآمدات کے فروغ اور دیہی روزگار میں اضافے کے لیے مؤثر اقدامات پر غور کرنا تھا۔ وفد میں ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین شیخ فیاض احمد، سابق چیئرمین سہیل محمود حر، چوہدری وحید ارشد اور مختار بلوچ بھی شامل تھے۔ اجلاس کے دوران کپاس کی پوری ویلیو چین کی موجودہ صورتحال، کاشتکاروں اور جنرز کو درپیش مسائل اور پیداوار، سرمایہ کاری اور پائیداری میں بہتری لانے والے پالیسی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پی سی جی اے کے نمائندوں نے کپاس کو ایک اہم نقد آور فصل اور پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت کے بنیادی خام مال کے طور پر اس کی اسٹریٹجک اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ شعبہ دیہی روزگار کی فراہمی، ذیلی صنعتوں کی ترقی، برآمدات میں اضافے اور درآمدی کپاس پر انحصار کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔وفد نے ٹیکس، دستاویزی نظام اور اس شعبے میں رسمی معاشی سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق تجاویز بھی پیش کیں۔ وزیر خزانہ نے کپاس کی صنعت کی قومی معیشت میں اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے حکومت کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پیداواری شعبوں کے لیے سازگار کاروباری ماحول فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ زراعت اور صنعت کی پائیدار ترقی حکومت کی اقتصادی پالیسی کا بنیادی ستون ہے اور پالیسی سازی میں شراکت داروں سے مشاورت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے، شفافیت بڑھانے اور ذمہ دار کاروباری اداروں کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے پر توجہ دے رہی ہے، پالیسی اقدامات کا مقصد معاشی سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ پی سی جی اے کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز کا متعلقہ اداروں کی سطح پر تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔اجلاس میں کپاس کے پورے نظام کو مضبوط بنانے، مسابقت میں اضافہ، ویلیو ایڈیشن کے فروغ اور سپلائی چین میں مزید سرمایہ کاری کی ضرورت پر بھی بات چیت کی گئی۔فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ حکومت اور صنعت کے درمیان مسلسل رابطہ ناگزیر ہے تاکہ عملی اور دیرپا حل تلاش کیے جاسکیں جو کپاس کے شعبے کی بحالی اور ترقی میں مددگار ثابت ہوں وزیر خزانہ نے وفد کے تعمیری مشوروں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت صنعت کے نمائندوں کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گی تاکہ ملک میں پائیدار اقتصادی ترقی، برآمدات میں اضافہ اور روزگار کے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔

بقیہ 3

تحفظ میں موجود خلا کو کم کرنا ہے، پروگرام نجی شعبے کی شمولیت کو فروغ دینے اور پائیدار اقتصادی ترقی کی حمایت کرے گا، انشورنس ٹرانسفارمیشن پروگرام پاکستان کی مالیاتی مضبوطی کو مستحکم کرے گا۔اعلامیے میں بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت گھریلو صارفین، کاروبار، کسانوں اور عوامی مالیات کو شدید موسمی حالات، قدرتی آفات اور دیگر خطرات کیخلاف مالی تحفظ فراہم کیا جائے گا،اصلاحات سے مالیاتی کمزوریوں میں کمی، بحرانوں سے تیزی سے بحالی اور عوامی مالیات پر دباؤ کم ہونے کی توقع ہے۔اعلامیے کے مطابق یہ پروگرام پاکستان کے انشورنس شعبے کو قواعد پر مبنی نظام سے خطرات پر مبنی اور مارکیٹ پر مبنی نظام میں تبدیل کرنے کی حمایت کرتا ہے،اصلاحات ترقی کیلئے طویل المدتی سرمایہ متحرک کرنے اور زیادہ جامع و مضبوط انشورنس مارکیٹ کے قیام میں مدد دیں گی۔اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان میں انشورنس کی رسائی مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کا صرف 0.7 فیصد ہے، بہت سے گھرانے،کاروباری ادارے اور کسان ماحولیاتی،صحت سے متعلق اور اقتصادی جھٹکوں کے مقابلے میں مالی طور پر غیر محفوظ ہیں، قرض جامع مضبوطی کے اقدامات اور قدرتی آفات سے متعلق مالیاتی انتظامات کی حمایت کرے گا۔اعلامیے کے مطابق جامع اور ہنگامی حالات سے ہم آہنگ انشورنس مصنوعات،خصوصا کسانوں، خواتین اور کمزور گھرانوں کے لیے فروغ دی جائیں گی، خواتین اور لڑکیوں کی ضروریات کے مطابق انشورنس حل کو فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ 4

وزیرخارجہ اور وزیرداخلہ کی سفارتی کاوشیں رنگ لا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام کو فوری منتقل کیا جائے، اس سلسلے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا ہفتہ وار فارمولا مرتب کرنے کیلئے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔علی پرویز ملک نے کہا کہ فارمولے کی بدولت عوام قیمتوں میں تبدیلی کی وجوہات کو سمجھ سکیں گے، نیا فارمولا تمام اسٹیک ہولڈرز سے مکمل مشاورت کے ساتھ بنایا جائے گا۔وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ حکومت توانائی سلامتی کے فریم ورک کا ازسرنو جائزہ لے رہی ہے، ریاستی مفادات کے تحفظ اور توانائی سلامتی کے لیے متعدد نئے اقدامات پر کام جاری ہے، بحران کے دوران تعاون پر تمام شراکت داروں اور عوام کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ 5

کی جس دوران عدالت نے بلوچستان ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔عدالت نے اپنے فیصلے میں بی بی آمنہ کے والدین کی تمام جائیدادیں سول کورٹ میں پیش کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ سول کورٹ آئین اور قانون کے مطابق تمام جائیدادوں میں ورثا کے حصص کا تعین کرے۔ وفاقی آئینی عدالت نے خواتین کے وراثتی حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ کوئی علاقائی روایت یا خاندانی نظام خواتین سے وراثت کا حق نہیں چھین سکتا،خواتین کو وراثت سے محروم کرنا نہ صرف ملکی قانون بلکہ اللہ کے احکامات کے بھی خلاف ہے۔واضح رہے کہ درخواست گزار بی بی آمنہ نے بھائیوں کی جانب سے مکمل وراثتی حصہ نہ دیے جانے کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 6

مزید کہا کہ الیکٹرک ٹرام کے لئے میٹرو سسٹم بننا تھا جسے اب ملتوی کردیا گیا ہے،نئی ٹرین چلانے کے لئے کوئی درخت نہیں کاٹا جائے گا۔روٹ کے بارے میں بلال اکبر خان نے بتایا کہ اس کا مجوزہ روٹ سی بی ڈی سے جیل روڈ اور مال روڈ سے استنبول چوک تک ہوگا۔

بقیہ 7

بلال نے چار یوم قبل بیوی کو طلاق دی تھی۔ جمعرات کی صبح ملزم راولپنڈی سے اسلحہ سمیت اسلام آباد پہنچا اور سابق بیوی اور ساس کو فائرنگ کرکے قتل کر ڈالا۔واقعہ کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا۔

بقیہ 8

میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ممبر سائنس ڈاکٹر شکیل عباس روفی، ڈائریکٹر انمول ہسپتال ڈاکٹر آرزو فاطمہ سلیم، فیکلٹی ممبران، طبی ماہرین اور تعلیمی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔مختلف اسکولوں اور کالجوں سے منتخب کیے گئے 22 طلبہ کے گروپ کو رضاکاروں کے پہلے بیچ میں شامل کیا گیا ہے۔ایک ماہ کی باقاعدہ مصروفیت کے دوران، یہ طلبہ مریضوں اور ان کے تیمارداروں کی مدد کریں گے، ہسپتال کے اندر رہنمائی فراہم کریں گے، اور مریضوں کی سہولت کے لیے مختلف خدمات انجام دیں گے تاکہ علاج معالجے کے مجموعی تجربے کو بہتر بنایا جاسکے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر شکیل عباس روفی نے نوجوانوں کو سماجی خدمت کے بامقصد اقدامات میں شامل کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔انہوں نے اعلان کیا کہ اس پروگرام کو ایک پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر شروع کیا گیا ہے، جسے بعد میں ملک بھر میں اٹامک انرجی کمیشن کے زیر انتظام چلنے والے تمام 21 کینسر ہسپتالوں تک پھیلایا جائے گا تاکہ مریضوں کی سہولت کو مزید بہتر اور ہیلتھ کیئر سروسز میں عوامی شرکت کو مضبوط کیا جا سکے۔ڈائریکٹر انمول ہسپتال ڈاکٹر آرزو فاطمہ سلیم نے حصہ لینے والے طلبہ کے لیے اس اقدام کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال کے ماحول سے براہ راست روشناس ہونے سے طلبہ میں ہمدردی، رابطے کی مہارت، ٹیم ورک اور سماجی خدمت کی گہری سمجھ پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر شکیل عباس روفی نے منتخب طلبہ میں خصوصی رضاکار کٹس تقسیم کیں، جس کے ساتھ ہی ہسپتال میں ان کی رضاکارانہ خدمات کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔

بقیہ 9

انہوں نے سیاسی دباؤ، ظلم و جبر اور مختلف مشکلات کا سامنا کیا، مگر اپنی جماعت اور قائد میاں نواز شریف سے وفاداری کا دامن کبھی نہیں چھوڑا، جس کی مثال کم ہی ملتی ہے۔انہوں نے ارم حامد حمید سے کہا کہ اب یہ ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے کہ اپنے حلقے کے عوام کے مسائل بھرپور انداز میں اجاگر کریں اور عملی خدمت کے ذریعے یہ ثابت کریں کہ آپ اپنے سسر مرحوم چوہدری عبدالحمید اور اپنے شوہر چوہدری حامد حمید کی سیاسی وعوامی خدمات کے تسلسل کو برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔خواجہ سعد رفیق نے مرحوم چوہدری عبدالحمید کی سیاسی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نہ صرف سرگودھا بلکہ مسلم لیگ (ن) کے لیے بھی گراں قدر خدمات انجام دیں۔ پارٹی قیادت اور کارکنان ان کی وفاداری، اصول پسندی اور عوامی خدمت کے جذبے کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔

بقیہ 10

انفرا اسٹرکچر کے لیے جگہ دینے کے پابند ہوں گے۔موبائل فون یا ٹیلی کیمونی کیشن کمپنی کو آپٹیکل فائبر بچھانے یا ٹاور لگانے کے لیے جگہ نہ دینے والے نجی گھر کے مالک، کرائے دار یا عوامی و نجی ادارے پر 5 کروڑ روپے جرمانہ ہوگا۔

بقیہ 11

آف پاکستان (SBP) کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار میں سامنے آئی ہے۔رپورٹ کے مطابق مئی کے دوران چینی سرمایہ کاروں نے پاکستان میں 90.4 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جبکہ 11.1 ملین ڈالر کی رقوم ملک سے باہر منتقل کی گئیں، اس طرح چین کی جانب سے خالص براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 79.3 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئی۔اسٹیٹ بینک کے مطابق مئی 2026 میں پاکستان کو مجموعی طور پر 295.1 ملین ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری موصول ہوئی جبکہ منافع کی واپسی اور دیگر مالی اخراجات کی مد میں 80.8 ملین ڈالر بیرونِ ملک منتقل ہوئے۔ نتیجتاً ملک کی خالص FDI آمد 214.3 ملین ڈالر رہی۔رپورٹ کے مطابق دیگر اہم سرمایہ کار ممالک میں متحدہ عرب امارات 50.5 ملین ڈالر کی خالص سرمایہ کاری کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا جبکہ ہانگ کانگ سے 27.1 ملین ڈالر، سوئٹزرلینڈ سے 17.4 ملین ڈالر اور برطانیہ سے 14.8 ملین ڈالر کی خالص سرمایہ کاری ریکارڈ کی گئی۔رپورٹ کے مطابق مالی سال 26-2025 کے پہلے گیارہ ماہ (جولائی تا مئی) کے دوران بھی چین پاکستان کا سب سے بڑا غیر ملکی سرمایہ کار رہا اس عرصے میں چین کی خالص سرمایہ کاری 819 ملین ڈالر رہی جو 1.106 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آمد اور 287 ملین ڈالر کے اخراج کے بعد سامنے آئی۔

بقیہ 12

موٹروے پولیس بیٹ نمبر 14 ایوب لودھی نے ایڈمن آفیسر عابد علی اور پرویز اقبال کے ہمراہ مختلف مقامات کا دورہ کیا اور گاڑی مالکان، ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیور حضرات سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر انہیں فائر ایکسٹنگوشر کی افادیت، اس کے درست استعمال اور ہنگامی صورتحال میں فوری حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ڈی ایس پی ایوب لودھی نے کہا کہ معمولی حادثات، شارٹ سرکٹ یا فنی خرابی کے باعث گاڑیوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھنے کے واقعات پیش آسکتے ہیں، جن پر بروقت قابو پانے کے لیے فائر ایکسٹنگوشر کا موجود ہونا انتہائی ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک چھوٹا سا حفاظتی اقدام قیمتی جانوں اور لاکھوں روپے کے مالی نقصان سے بچانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔آگاہی مہم کے دوران شہریوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی گاڑیوں کی باقاعدہ دیکھ بھال یقینی بنائیں، الیکٹریکل وائرنگ اور فیول سسٹم کی جانچ پڑتال کرتے رہیں اور سفر سے قبل تمام حفاظتی اقدامات مکمل کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے محفوظ رہا جا سکے۔موٹروے پولیس نے واضح کیا ہے کہ 24 جون تک تمام گاڑیوں میں فائر ایکسٹنگوشر کی موجودگی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی جا رہی ہے، جبکہ آگاہی مہم آئندہ بھی مختلف شاہراہوں اور مقامات پر جاری رہے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو محفوظ سفر اور جدید حفاظتی تقاضوں سے روشناس کرایا جاسکے۔

بقیہ 13

میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے نفرت انگیز مواد کی تیز رفتار ترسیل کو روکنا آج کے دور کا سب سے بڑا چیلنج ہے۔ نفرت انگیز تقاریر انسانی حقوق کے لیے سنگین خطرہ ہیں، جو تشدد اور سماجی تقسیم کا باعث بنتی ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نفرت انگیز بیانیہ مسترد کرکے معاشرے میں برداشت، امن اور باہمی احترام کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔نفرت کو اس کی تمام شکلوں اور مظاہر میں مذہبی، نسلی، صنفی بنیاد پر یا قومی سطح پر روکنا عالمی ہم آہنگی کی کلید ہے۔نفرت، تعصب اور تنگ نظری کو ہر محاذ پر شکست دینا ہوگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نفرت انگیز تقاریر معاشرے میں تقسیم، انتشار اور تشدد کا باعث بنتی ہیں۔ مذہبی، نسلی اور صنفی بنیادوں پر نفرت روکنا عالمی ہم آہنگی کی بنیادی کنجی ہے۔اسلاموفوبیا نفرت انگیز رویوں کی سب سے خطرناک شکل ہے۔کسی کو دلوں میں نفرت کے بیج بونے کی اجازت نہیں، آزادی اظہار کے نام پر نفرت پھیلانے والوں کا محاسبہ ناگزیر ہے۔

بقیہ 14

الفلاح، بینک آف پنجاب، ایچ بی ایل مائیکرو فنانس بینک، ایزی پیسہ، جاز کیش اور ورلڈ بینک کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ یہ تاریخی پیش رفت بی آئی ایس پی کے ادائیگی نظام میں ایک بنیادی اور انقلابی تبدیلی کا آغاز ہے، جو مستحق خواتین کو ملک گیر بینکاری نیٹ ورک تک رسائی فراہم کرے گی۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری نے مجھے ہدایات دیں تھیں کہ لوگوں کو عزت سے ان کے پیسے ملیں۔آج ہمارا یہ خواب شرمندۂ تعبیر ہوا ہے کہ مستحق خواتین کو عزت اور وقار کے ساتھ ان کے گھر پر پیسے ملیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس انقلابی اقدام کے تحت مستحق خواتین اب اپنے ڈیجیٹل والٹ میں موصول ہونے والے وظائف پاکستان میں کسی بھی جگہ سے، کسی بھی پارٹنر بینک کے قریبی ریٹیلر سے وصول کر سکیں گی۔آئندہ بی آئی ایس پی کی تمام ادائیگیاں ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے منتقل کی جائیں گی۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ نیا ڈیجیٹل والٹ نظام ادائیگیوں کو مزید آسان، محفوظ اور شفاف بنائے گا جبکہ طویل قطاروں، غیر ضروری سفر اور ادائیگیوں کے حصول میں درپیش مسائل کا خاتمہ ہوگا۔انہوں نے اس موقع پر تمام پارٹنر بینکوں اور ون لنک کا تعاون پر شکریہ ادا کیا۔سینیٹر روبینہ خالد نے مزید کہا کہ یہ اقدام ایک کروڑ سے زائد مستحق خاندانوں کے لیے سہولت، مالی خودمختاری اور مالی شمولیت کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا اور مستحق خواتین کو اپنی مالی معاونت پر زیادہ اختیار فراہم کرے گا۔چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے متعلقہ اداروں اور بینک نمائندگان پر زور دیا کہ وہ مستحق خواتین کے اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل والٹس کی بروقت فعالیت کے لیے فیلڈ سطح پر مؤثر آگاہی اور سہولت کاری کو یقینی بنائیں اور بینک ایجنٹس کی مناسب تربیت اور اس معاملے کی حساسیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ 15

منعقد ہونے کے باعث دورہ منسوخ کردیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جنیوا میں ہونے والی مفاہمتی یادداشت کی تقریب میں وزیراعظم کی شرکت ضروری نہیں رہی ہے۔

بقیہ 16

پی پی تھورو سے واقعے کی 3 دن میں انکوائری رپورٹ طلب کرلی۔ پولیس کے اعلیٰ حکام نے کہا کہ نوجوانوں کی شناخت کرکے قانونی کارروائی کی جائے جبکہ متعلقہ پولیس افسروں اور اہلکاروں کی غفلت اور لاپرواہی کا بھی تعین کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 17

کہا کہ مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان نے بجٹ پر اپنی آرا، سفارشات اور تحفظات پیش کیے جس سے بجٹ کا جامع اور شفاف جائزہ ممکن ہوا۔انہوں نے کہا کہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات اور قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات نے فنانس بل 2026 اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) پر تفصیلی غور کیا۔انہوں نے کہا کہ کمیٹیوں نے سینیٹرز کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز کا باریک بینی سے جائزہ لینے کے لیے طویل اجلاس منعقد کیے اور ہر سفارش کو اس کی افادیت کی بنیاد پر پرکھا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کمیٹیوں کی کاوشوں کے نتیجے میں رپورٹ تیار کی گئی جو ایوان میں پیش کی گئی، سینیٹ نے متفقہ طور پر منظور کی اور بعد ازاں اسے غور و خوض کے لیے قومی اسمبلی کو بھجوا دیا گیا۔انہوں نے بجٹ عمل میں تمام سینیٹرز کی تعمیری شرکت اور قیمتی تجاویز پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کوششوں سے پارلیمانی مباحثے کے معیار میں بہتری آئی اور شفافیت، احتساب اور جمہوری نگرانی کے محافظ کے طور پر سینیٹ کا کردار مزید مضبوط ہوا۔سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کے چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کی چیئرپرسن سینیٹر قرۃ العین مری کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے بجٹ جائزہ عمل کے دوران کمیٹیوں کی مؤثر قیادت کی۔انہوں نے سینیٹ سیکرٹریٹ کے افسران اور عملے بالخصوص رجسٹریشن برانچ اور کمیٹی برانچ کے حکام کی پیشہ ورانہ خدمات اور انتھک محنت کو بھی سراہا جنہوں نے بجٹ اجلاس کے دوران ایوان اور کمیٹیوں کے اجلاسوں کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ان اجتماعی کوششوں سے ملک کے مالیاتی امور میں شفافیت، احتساب اور مؤثر پارلیمانی نگرانی کے فروغ کے لیے سینیٹ کے آئینی کردار کو مزید تقویت ملی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجٹ جائزہ عمل کی کامیاب تکمیل اس بات کا ثبوت ہے کہ جب پارلیمانی ادارے مؤثر انداز میں کام کرتے ہیں تو وہ جمہوری طرز حکمرانی کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 18

اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، طویل انتظار ختم ہونے پر تاجروں نے تجارتی ویزا بحالی کے فیصلے کا بھرپور خیر مقدم کیا۔مقامی تاجروں نے ویزا بحالی کو معیشت اور روزگار کے لیے بڑا مثبت قدم قرار دے دیا۔

بقیہ 19

تحصیل شکرگڑھ کی حدود میں عبدالرحمٰن چیک پوسٹ رینجر تھانہ نورکوٹ کیقریب ایک عدد 51ایم ایم مارٹر انڈین میڈ وزن ایک کلوگرام اپنے قبضے میں لے کر ناکارہ بنادیا۔ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ محکمہ سول ڈیفنس عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دن رات مصروف عمل ہے۔واضح رہے کہ رواں ہفتے کے دوران بن ڈسپوزل سکواڈ کی یہ چوتھی بڑی کارروائی ہے۔

بقیہ 20

کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو جلد اور مکمل صحت عطا فرمائے۔ امینہ اردوگان نے خط میں پاکستان کے عوام کے لئے بھی خیرسگالی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 21

لینڈ کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ، پارلیمانی تعاون کے استحکام، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، تحقیق اور کھیلوں سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پارلیمانی سفارت کاری کو مؤثر بنانے اور دونوں ممالک کی قانون ساز اسمبلیوں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مزید وسعت دینے پر مکمل اتفاق کیا گیا۔سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور تعاون کی مضبوط اور دیرپا بنیادوں پر استوار ہیں۔انہوں نے کہا کہ پارلیمانی روابط کا فروغ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔سپیکر نے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلوں سے نہ صرف باہمی تفہیم میں اضافہ ہوگا بلکہ ادارہ جاتی سطح پر تعاون کو بھی نئی سمت ملے گی۔سپیکر ملک محمد احمد خاں نے مزید کہا کہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ سے دونوں ممالک کے عوام کے لیے خوشحالی اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں، جبکہ تعلیم، تحقیق اور نوجوانوں کے تبادلوں کے پروگرام دوطرفہ تعلقات کو دیرپا بنیادوں پر مضبوط بناتے ہیں۔سپیکر نے اس امر پر زور دیا کہ جمہوری اداروں کے درمیان تجربات کا تبادلہ گورننس کے نظام کی بہتری اور ادارہ جاتی مضبوطی کے لیے ناگزیر ہے۔سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے پنجاب میں کم عمری کی شادی کے خلاف مؤثر قانون سازی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات بچوں کے محفوظ، باوقار اور روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ نیدرلینڈ کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ نے پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان تعاون کے فروغ کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید وسعت دینے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انہوں نے پنجاب اسمبلی کے دورے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے پارلیمانی سطح پر تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ملاقات میں سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چوہدری عامر حبیب، ایڈوائزر برائے سپیکر اسامہ خاور، پرنسپل سیکرٹری عماد حسین بھلی، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اقلیتی امور فیلبوس کرسٹوفر، ملک تیمور احمد خان اور ڈائریکٹر میڈیا یار ماجد علی بھی موجود تھے۔بعدازاں سپیکر پنجاب اسمبلی نے معزز مہمان کو پنجاب اسمبلی کے ایوان کا تفصیلی دورہ کروایا۔

بقیہ 22

رہتی ہوں والد کام پر اور والدہ گاؤں میں فوتگی پر گئی ہوئی تھیں دروازے پر تالا لگا ہوا تھا۔تایا کا گھر ہمارے گھر کے ساتھ جڑا ہوا ہے، تایا کا بیٹا گلریز شبیر دیوار پھلانگ کر زبردستی گھر میں آیا اور مجھے دبوچ لیا، چاقو سے مارنے کی دھمکیاں دیکر خاموش رہنے کو کہا اور مجھے برہنہ کرکے اپنے موبائل فون سے نازیبا ویڈیوز بنائیں اور زبردستی زیادتی کی۔بعد میں دھمکیاں دیں کہ گھر والوں کو بتایا تو ویڈیو وائرل کردوں گا، عزت و ڈر کی وجہ سے خاموش رہی، کچھ دن بعد نامعلوم فون نمبر سے ون ٹائم ویو کیساتھ وہی ویڈیو مجھے موصول ہوئی۔ویڈیو کو بھائی کے موبائل فون کے ذریعے محفوظ کرلیا۔پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے شروع کردیئے ہیں۔

بقیہ 23

کیا کہ حکومت فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح کمی کرے اور جنگ شروع ہونے سے پہلے والی قیمتوں کی بحالی کا اعلان کرے۔ایک بیان میں چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی نے کہا کہ پوری دنیا نے دیکھ لیا کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں تمام تباہی کر کے بھی آپ کو ٹیبل پر ہی بیٹھنا پڑتا ہے اس معاہدے کے سلسلے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی ٹیم سمیت دیگر اہم حکومتی رہنماؤں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے ایران امریکہ معاہدے کو منطقی انجام تک پہنچایا۔انہوں نے کہا کہ معاہدے کی تفصیلات تو سب کے سامنے آچکی ہیں اور کل جمعہ کو جنیوا میں فیلڈ مارشل اور وزیراعظم کی موجودگی میں سائن ہوں گے اور معاہدہ حتمی شکل اختیار کر جائے گا جس سے امید ہے کہ دنیا میں تمام شعبوں میں جو ترقی کی رفتار چل رہی تھی وہ اسی طرح برقرار رہے گی۔امن ضمانت ہے انسانیت کی۔انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ جنگ شروع ہونے سے پہلے جو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تھیں فوراً ان کو اس سطح پر لایا جائے۔خود وزیراعظم نے جب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بہت بڑا اضافہ کیا تھا تو انہوں نے واضح طور پر کہا تھا کہ جس وقت عالمی سطح پہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوگی میں ایک لمحہ ضائع کیے بغیر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کردوں گا۔وزیراعظم اپنا وعدہ پورا کریں اور غریب کو جینے کا حق دیں۔انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان عوامی قوت پارٹی غریب کے ساتھ ہیں اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے ہر پلیٹ فارم پر اپنی آواز بلند کریں گے۔

بقیہ 24

تک ہے۔ایف بی آر کے مطابق سوشل میڈیا آمدن پر 5 فیصد ود ہولڈنگ ٹیکس لگے گا۔قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کے اجلاس میں ایکسپورٹرز پر ایک فیصد ایڈوانس ٹیکس کے خاتمے کی تجویز بھی منظور کرلی گئی۔

بقیہ 25

سرکاری محکموں کے خلاف اپنی شکایات بغیر کسی فیس اور وکیل کے درج کراسکتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ سرگودھا ریجن میں رواں سال 1319 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 342 شکایات کا فیصلہ کیا جا چکا ہے جبکہ باقی درخواستوں پر کارروائی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ محتسب کا ادارہ عوام کو فوری، سستا اور مؤثر انصاف فراہم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے۔اس موقع پر ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن نعیم ملک نے کہا کہ سرگودھا ریجن میں محتسب آفس عوام کو سستا اور فوری انصاف فراہم کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ صوبائی محتسب کا پیغام عوام تک پہنچانے میں مؤثر کردار ادا کرسکتے ہیں اور صحافی برادری محتسب پنجاب اور عوام کے درمیان ایک مضبوط پل ثابت ہوسکتی ہے۔آگاہی نشست میں میڈیا نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور صوبائی محتسب کے نظام، شکایات کے اندراج اور ازالے کے طریقہ کار سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کیں۔

بقیہ 26

سے کیے جانے والے انتظامات، سکیورٹی پلان، جلوسوں اور مجالس کے روٹس، ٹریفک مینجمنٹ اور بین الحکماتی رابطوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے ہدایت کی کہ یوم عاشور کے تمام جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ راولپنڈی، جہلم، اٹک، چکوال اور مری میں برآمد ہونے والے جلوسوں کے دوران تمام محکمے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کریں تاکہ عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا سکے۔انہوں نے ہدایت کی کہ شہروں کے داخلی اور خارجی راستوں پر خصوصی توجہ دی جائے جبکہ سکیورٹی کے پیش نظر چیکنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ سوشل میڈیا پر کڑی نظر رکھی جائے اور نفرت انگیز یا اشتعال انگیز مواد اپ لوڈ کرنے والے عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایسے عناصر کے خلاف مقدمات درج کرکے قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔ملک صہیب احمد بھرتھ نے مری میں یوم عاشور کے دوران سیاحوں اور گاڑیوں کے بڑھتے ہوئے رش کے پیش نظر خصوصی مانیٹرنگ کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور عوامی سہولت کے لیے جامع انتظامات کیے جائیں۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جلوسوں کے روٹس پر موجود مین ہولز کے ڈھکن مکمل طور پر بند اور محفوظ حالت میں ہوں جبکہ لٹکتی ہوئی بجلی اور مواصلاتی تاروں کو فوری طور پر ہٹایا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے 6 محرم الحرام سے قبل اپنی تیاریوں کو حتمی شکل دیں اور فیلڈ میں عملی اقدامات کو یقینی بنائیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبے بھر میں امن و امان کے قیام، مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور عزاداروں کو محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ یوم عاشور کے موقع پر پرامن، بھائی چارے اور مذہبی رواداری کی فضا برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ ادارے مکمل طور پر متحرک رہیں۔

بقیہ 27

بیان کے مطابق جمعرات کو وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ فیصلہ وفاقی حکومت کی اس پالیسی کے مطابق کیا گیا ہے جس کا مقصد کاروباری برادری پر مالی بوجھ کم کرنا اور ملکی تجارت و برآمدات کو فروغ دینا ہے۔محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ بندرگاہیں پاکستان کی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں اور پورٹ چارجز میں کسی بھی اضافے سے کاروبار کی لاگت براہ راست بڑھ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے بلیو اکنامی وژن کے مطابق تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، کاروباری طبقے کو سہولت فراہم کرنے اور معیشت کو مستحکم بنانے کے لیے ٹیرف میں مجوزہ اضافہ روکنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیرف میں اضافے کو منجمد رکھنے سے پاکستانی برآمدات عالمی منڈیوں میں اپنی مسابقت برقرار رکھنے میں کامیاب رہیں گی جبکہ بندرگاہی سہولیات استعمال کرنے والے درآمد کنندگان کے اخراجات میں بھی اضافہ نہیں ہوگا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، برآمدی شعبے کو تقویت ملے گی اور موجودہ معاشی چیلنجز کے دوران قومی معیشت کو مثبت سہارا حاصل ہوگا۔

بقیہ 28

اشخاص نے اس کے گھر پر فائرنگ کی اور دھمکیاں دیں، صادق آباد پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیرحراست اشخاص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 29

احتجاجی کیمپ قائم کر دیا۔احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے واقعے کی شدید مذمت کی اور کہا کہ صحافیوں کو ہراساں کرنا اور ان کے ساتھ غیر مناسب رویہ اختیار کرنا کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کرکے ان کے خلاف شفاف تحکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی عزت، وقار اور پیشہ ورانہ آزادی کا تحفظ ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف فوری اور مؤثر کارروائی نہ کی گئی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔احتجاجی کیمپ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور سینئر صحافی فرحان ارشد بھٹی کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کیا۔

بقیہ 30

کا انکشاف ہوا۔ڈیجیٹل شواہد کی بنیاد پر اسی نیٹ ورک سے جڑے مزید 4 مسافروں کی نشاندہی ہوئی۔تحقیقات میں ملائیشیاء میں موجود سہولت کار کے انسانی اسمگلنگ نیٹ ورک چلانے کا انکشاف ہوا۔تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی کہ غیر قانونی سفر کی مد میں ہر مسافر سے 50 لاکھ روپے وصول کیے گئے۔ملائیشیا پہنچنے پر مسافروں کو مزید سفری دستاویزات حاصل کرنے ہدایات دی گئی تھیں۔تمام مسافروں کو آف لوڈ کر کے مزید قانونی کارروائی کے لیے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل ایف آئی اے لاہور منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 31

شراب برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کرکے 5 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 32

کمشنر (جنرل) کامران ضغیر سمیت متعلقہ محکموں کے افسران اور منصوبے سے وابستہ ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے RMK روڈ منصوبے کی موجودہ صورتحال، جاری تعمیراتی سرگرمیوں، دستیاب وسائل، ٹریفک مینجمنٹ پلان، حفاظتی اقدامات اور عوامی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔شرکاء کو منصوبے کے مختلف مراحل پر ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا جبکہ تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں اور ان کے ممکنہ حل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ RMK روڈ منصوبہ علاقے کی ترقی، سیاحت کے فروغ اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے منصوبے کی تکمیل میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنائیں اور منصوبے کے ہر مرحلے کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔انہوں نے زور دیا کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام متعلقہ فنی معیارات کے مطابق انجام دیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران شہریوں اور سیاحوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہو، اس مقصد کے لیے متبادل ٹریفک انتظامات، مناسب سائن ایجز اور حفاظتی اقدامات کو مزید بہتر بنایا جائے۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری رضا تنویر نے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، شہریوں کی سہولت کو یقینی بنانے اور سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے متعدد تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے دوران ٹریفک مینجمنٹ کے جامع نظام کے ذریعے شہریوں اور سیاحوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پولیس اور دیگر ادارے مکمل طور پر تیار ہیں۔اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ منصوبے کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی کی جائے گی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر مانیٹرنگ کا نظام فعال رکھا جائے گا۔ڈپٹی کمشنر مری نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کی کہ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ نہ صرف ٹریفک کے مسائل میں نمایاں کمی لائی جاسکے بلکہ مری آنے والے سیاحوں اور مقامی آبادی کو محفوظ، بہتر اور جدید سفری سہولیات بھی میسر آسکیں۔

بقیہ 33

نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، زیرحراست شخص کے ایک ساتھی کو قبل ازیں گرفتار کیا جاچکا ہے۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیرحراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 34

دیئے۔اس ضمن میں متعدد اداروں کے اہلکاروں کو بھی معطل کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے ہیں۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افسران بذات خود پورٹل پر اپ لوڈنگ یقینی بنائیں، سی ایم انیشیٹوز پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے، فیلڈ میں کام کرنے والے تمام ملازمین یونیفارم کا استعمال یقینی بنائیں، کام نہ کرنے والے افسران و ملازمین کی ضلع میں کوئی جگہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، تمام افسران خود فیلڈ میں جائیں اور عوام الناس کے لیے سہولیات کی فراہمی کو انکے گھر کی دہلیز تک یقینی بنائیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ علاج معالجے کی مفت فراہمی، تعلیمی سہولیات، صفائی ستھرائی، پبلک پارکس کی بحالی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، افسران ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی خود نگرانی کریں منصوبوں کو پائیداری اور شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام لاری اڈوں کے ویٹنگ ایریاز میں بیٹھنے کے بہترین انتظامات، پنکھوں کی تنصیب اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، پراس کنٹرول مجسٹریٹس انسپکشنز کو بڑھائیں، مہنگی اشیاء فروخت کرنے والوں کا قلع قمع کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پیرا فورس و دیگر متعلقہ ادارے ناجائز تجاوزات کا خاتمہ ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ افسران دفاتر میں ملازمین کی حاضری کو یقینی بنائیں، غیر حاضر ملازمین کے خلاف سخت تحکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 35

گجر ڈیری ملک کے مقام پر مین کیبل کے ذریعے ڈائریکٹ سپلائی پکڑی گئی۔ مذکورہ مقام پر چلرز، فریزرز، ایئر کنڈیشنرز اور دیگر بھاری برقی لوڈ استعمال کیا جا رہا تھا۔اسی طرح باغبانپورہ سب ڈویژن میں صارف فاروق کا میٹر ٹیمپر پایا گیا، جو بلوٹوتھ ڈیوائس کے ذریعے کنٹرول کیا جارہا تھا۔لیسکو ٹیموں نے دونوں مقامات پر بجلی چوری اور میٹر ٹیمپرنگ کی نشاندہی کرتے ہوئے ڈیٹیکشن بلز جاری کرنے اور ایف آئی آر کے اندراج کی کارروائی شروع کردی ہے۔سی ای او لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کا کہنا ہے کہ بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 36

ازیں گرفتار کیا جاچکا ہے، زیرحراست اشتہاری اپریل 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا، روات پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو ٹریس کرکے گرفتار کیا۔ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ زیرحراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 37

والے افراد بھی پانی میں سے گزرنے پر مجبور دکھائی دیے۔عینی شاہدین کے مطابق منصوبے کی نکاسی آب (Drainage System) مؤثر ثابت نہ ہوسکا، جس کے باعث چند منٹ کی بارش نے ہی انتظامیہ کے تمام دعوؤں کو بے نقاب کردیا۔شہریوں نے اس صورتحال پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اربوں روپے کے منصوبے کے باوجود معمول کی بارش میں سڑکوں کا یہ حال انتہائی تشویشناک ہے۔شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فوری نوٹس لینے، ذمہ داران کا تعین کرنے اور منصوبے کے معیار کی آزادانہ جانچ کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔علاقہ مکینوں کے مطابق اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو آنے والے مون سون سیزن میں خواجہ کارپوریشن چوک اور گردونواح کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہوسکتا ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 38

59 ہزار 144 افراد ملازمت کے لیے سعودی عرب اور 50 ہزار 574 یو اے ای گئے۔بیورو آف امیگریشن کے مطابق 30 ہزار 312 پاکستان ملازمت کے لیے قطر، 86 ہانگ کانگ، 23 ایران، 1 ہزار 234 برطانیہ اور 357 امریکا گئے۔

بقیہ 39

والی بڑی سرمایہ کاری کانفرنس سے قبل چینی کمپنیوں کو متحرک کیا جاسکے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چائنا-پاکستان فارماسیوٹیکل، ہیلتھ کیئر اور بائیوٹیکنالوجی بزنس بریفنگ، جو پاکستان کے سفارت خانے اور چائنا انڈسٹری اور سیز ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن (CODA) کے اشتراک سے منعقد ہوئی، اس میں 40 سے زائد کمپنیوں نے شرکت کی، ان کمپنیوں کا تعلق بائیو فارماسیوٹیکلز، ایکٹو فارماسیوٹیکل انگریڈینٹس (API) کی تیاری، طبی آلات اور بائیوٹیکنالوجی جیسے شعبوں سے تھا۔رپورٹ کے مطابق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے چین میں سفیر خلیل ہاشمی نے پاکستان کے دواسازی شعبے کے امکانات کا ایک پرعزم خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم چینی کمپنیوں سے صرف برآمدات کی توقع نہیں کررہے بلکہ انہیں مقامی سطح پر پیداوار میں سرمایہ کاری کی دعوت دے رہے ہیں، پاکستان کی فارماسیوٹیکل مارکیٹ کی سالانہ مالیت 4 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے اور یہ ہر سال 10 سے 12 فیصد کی شرح سے بڑھ رہی ہے جس کی وجہ 25 کروڑ سے زائد آبادی ہے جو دنیا کی پانچویں بڑی آبادی ہے۔رپورٹ کے مطابق انہوں نے مزید بتایا کہ مالی سال 2025 میں دواسازی کی برآمدات میں 24 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 457 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں جو گزشتہ دو دہائیوں میں سب سے تیز رفتار ترقی ہے

بقیہ 40

کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 41

فاروق، ایل اے-09- نکیال سے عمیر نعیم جبکہ ایل اے-10- کوٹلی سے فتح محمود الحسن کو پارٹی ٹکٹ دیا گیا ہے۔فہرست کے مطابق ایل اے-11- سہنسہ سے محمد آصف، ایل اے-12- چڑھوئی سے محمد ریاست خان، ایل اے-13- کھوئی رٹہ سے ایاز احمد اور ایل اے-14- دھیر کوٹ سے راجہ فیصل آزاد مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ہوں گے۔باغ، پونچھ اور دیگر علاقوں میں بھی پارٹی نے اپنے امیدواروں کا اعلان کردیا ہے، ایل اے-15- وسطی باغ سے مشتاق احمد منہاس، ایل اے-16- شرقی باغ سے سردار میر اکبر خان، ایل اے-17- حویلی سے چوہدری محسن عزیز اور ایل اے-19- بھیرہ سے سردار عامر الطاف خان کو ٹکٹ جاری کیا گیا ہے۔جبکہ ایل اے 20 کھائی گالا سے عبدالراشد خان، ای اے 21 راولا کوٹ سٹی سے طاہر انور خان امیدوار ہوں گے۔مظفر آباد ڈویژن سے ایل اے-29- مظفر آباد سٹی پر سید افتخار علی گیلانی، ایل اے-30- ہٹیاں دوپٹہ سے ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر عباسی، ایل اے 31 خاورا سے ثاقب مجید راجہ، ایل اے-32- چکار سے سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان اور ایل اے-33- لیپہ سے چوہدری محمد رشید امیدوار ہوں گے۔مہاجرین جموں کشمیر کی نشستوں پر بھی امیدوار نامزد کیے گئے ہیں، جن میں ایل اے-34- جموں ون سے ناصر حسین ڈار، ایل اے 35- جموں ٹو سے چوہدری محمد اسماعیل، ایل اے-37- جموں فور سے مریم جاوید، ایل اے-38- جموں فائیو سے ذیشان علی اور ایل اے 39 جموں 6 سے راجہ محمد صدیق شامل ہیں۔مسلم لیگ (ن) کی جانب سے جاری فہرست کے مطابق ایل اے 40 ویلی ون سے محمد نعیم خان، ایل اے 42 ویلی تھری سے سید شوکت علی شاہ، ایل اے 43 ویلی فور سے محمد یاسین لون اور ایل اے 44 ویلی فائیو سے محمد احمد رضا قادری امیدوار ہوں گے۔پارٹی قیادت کے مطابق امیدواروں کا انتخاب حلقہ وار سیاسی صورتحال اور تنظیمی مشاورت کے بعد کیا گیا ہے۔

بقیہ 42

راول سعد ارشد نے کہا کہ زیرحراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 43

ہے۔اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیرنگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔سرچ آپریشن کے دوران 409 افراد، 218 گھرانوں، 31 ہوٹلوں، 67 دکانیں، 201 موٹر سائیکلوں اور 101 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 12 مشکوک افراد اور 11 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مؤثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیئے جارہے ہیں۔اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 44

نے ریمارکس دیئے کہ وکیل صفائی کے دلائل متاثرہ بچی کے صدمے کو معمولی ثابت کرنے کی کوشش ہے، درخواست ضمانت میں مدعی کی دوسری شادی سے متعلق بھی تحقیر آمیز ریمارکس شامل کیے گئے۔عدالت نے کہا کہ قانونی پروفیشنلز کو ایسے تبصروں سے گریز کرنا چاہئے۔خواتین وکلا سے خواتین کے مسائل کے حوالے سے زیادہ حساسیت کی توقع کی جاتی ہے، متاثرہ بچی نے ٹرائل کورٹ میں بطور گواہ اپنے والد کیخلاف بیان ریکارڈ کروایا، بظاہر بچی کا بیان قابل اعتماد اور فطری ہے۔بچی کا طرز عمل اور رویہ صدمے سے گزرنے والے بچوں سے مطابقت رکھتا ہے، بادی النظر میں والد کو جھوٹے مقدمے میں پھنسانے یا بدنیتی کے کوئی محرکات نہیں ہیں۔ڈی این اے تجزیے میں شواہد نہ ملنے کی وجوہات رپورٹ میں درج ہیں۔تعزیرات پاکستان میں زیادتی کی تعریف کو وسعت دی جاچکی ہے۔عدالت نے ملزم اعجاز کی درخواست ضمانت مسترد کردی۔

بقیہ 45

سیاسی، سماجی، تعلیمی و ادبی شخصیات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، عزیز و اقارب اور اہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔شرکاء نے زرین خان اور دیگر سوگواران سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ عظیم برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر جمیل دے۔

بقیہ 46

معاشی تعاون بڑھانے کی مختلف تجاویز پر غور ہوا۔ ٹیکسٹائل ،زراعت، لائیو سٹاک، انرجی، فوڈ سیکیورٹی، ای وی سیکٹر اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ دو طرفہ معاشی تعاون بڑھانے کیلئے دونوں جانب سے فوکل پرسنز مقرر کر دیئے گئے۔صوبائی وزیر نے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات اور دستیاب سہولیات بارے آگاہ کیا۔صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں اور یہاں سرمایہ کاری پر 10 سال تک انکم ٹیکس کی چھوٹ اور ایک مرتبہ ڈیوٹی فری مشینری کی درآمد کی سہولت موجود ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ رحیم یار خان ائر پورٹ کو آپریشنل بنانے کیلئے وفاقی حکومت سے بات چیت کی ہے یہ ایئرپورٹ آپریشنل ہونے سے مشرق وسطی سے یہاں سرمایہ کاری آئے گی متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کار رحیم یار خان انڈسٹریل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کریں۔انہوں نے کہا کہ انڈسٹری کی ضرورت اور ڈیمانڈ کے مطابق پنجاب میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنا رہے ہیں۔قائد آباد میں پنک سالٹ کی ویلیو ایڈیشن کیلئے نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنا رہے ہیں۔صوبائی وزیر نے بتایا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کیلئے قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں جدید سہولیات سے آراستہ گارمنٹ سٹی بنایا گیا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کے فراہم کردہ فنڈز سے ٹیوٹا کے اداروں میں لیبز کو اپ گریڈ کیا گیا ہے متحدہ عرب امارات پنجاب سے ضرورت کے مطابق تربیت یافتہ ہنرمند افرادی قوت حاصل کر سکتا ہے پنجاب سے ہوائے ای کو مٹن، بیف، چکن اور دیگر مصنوعات کی برآمد بڑھائی جاسکتی ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔متحدہ عرب امارات پاکستان کا دوسرا بڑا تجارتی پارٹنر ہے تاہم دونوں ممالک میں تجارتی حجم بڑھانے کی ضرورت ہے دونوں ممالک کی دوستی کے رشتے کو مضبوط معاشی دوستی میں بدلنے کا وقت آگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات پاکستان کا مخلص دوست ہے جو مشکل کی ہر گھڑی میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔متحدہ عرب امارات کے سفیر نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کاروں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کئی دفعہ لاہور جاچکا ہوں، لاہور پنجاب کا خوبصورت اور ثقافتی شہر ہے انہوں نے کہا کہ امید کرتے ہیں کہ رحیم یار خان کا ائرپورٹ جلد آپریشنل ہوگا۔

بقیہ 47

مقامی تھانے میں ایف آئی آر درج کروادی گئی ہے۔برآمد شدہ ریچھ کو مال مقدمہ کے طور پر خصوصی جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔عدالت نے ریچھ کی مناسب دیکھ بھال اور تحفظ کے پیش نظر اسے منی زو بھکر منتقل کرنے کا حکم دیا ہے جبکہ ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔محکمہ جنگلی حیات کا کہنا ہے کہ جنگلی جانوروں کو غیر قانونی طور پر رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 48

سنجیدہ، نتیجہ خیز گفتگو کے لیے مشترکہ دعوت دے۔شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ اور میاں محمود الرشید نے وکیل رانا مدثر عمر کے ذریعے خط جاری کیا جس کے متن میں مزید کہا گیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر میثاق معیشت کے حوالے سے بات کی، تاریخ گواہ ہے کہ آئین کی بالادستی کے بغیر کسی نے معاشی ترقی نہیں کی، پاکستان کا بحران صرف معاشی نہیں بلکہ سیاسی اور آئینی بھی ہے، میثاق پاکستان کے ذریعے تمام سیاسی جماعتوں میں قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے، اس میثاق میں تمام ادارے آئینی حدود میں رہ کر فرائض انجام دیں، قانون کی یکساں عملداری اور بلاامتیاز احتساب کیا جائے، قومی سلامتی، معیشت اور جمہوریت کے لیے وسیع تر سیاسی مکالمے کی ضرورت ہے، پاکستان کو ایک ایسے ڈائیلاگ کی ضرورت ہے جو حکومتوں سے بالاتر ہو کر آئندہ نسلوں کے لیے آئین کی بالادستی کو یقینی بنائے۔

بقیہ 49

جبکہ 156 لیٹر زائد استعمال شدہ ناقص فرائنگ آئل تلف کر دیا گیا۔ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا نے بتایا کہ پانی کا سیمپل فیل ہونے پر مغل پورہ میں 1 واٹر پلانٹ کی پروڈکشن بند کی گئی، سمن آباد میں معروف فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ کو قوانین کی خلاف ورزی پر بند کیا گیا، سابقہ دی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، کچن ایریا میں صفائی کے ناقص انتظامات، حشرات اور کیڑے مکوڑوں کی بھرمار پائی گئی، زائد استعمال شدہ ریسنڈ آئل میں فرائنگ کر کے فاسٹ فوڈ تیار کیا جارہا تھا، فوڈ سٹوریج کے لیے گندے ڈبوں اور تیاری کے لیے کھلے مصالحے استعمال کیے جارہے تھے، زنگ آلود فریزرز کی ناقص صورتحال، ڈیری اور گوشت اکٹھا سٹور کیا گیا، فوڈ ہینڈلرز کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے۔سید موسیٰ رضا نے کہا کہ فوڈ بزنس کرنے کے لیے مقررہ ایس او پیز پر عمل درآمد لازم ہے، صحت بخش خوراک کی یقینی فراہمی کے لیے مسلسل چیکنگ اور مانیٹرنگ جاری ہے، پنجاب فوڈ اتھارٹی فوڈ انڈسٹری میں بہتری کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 50

شجرکاری مہم کے مقاصد متاثر ہوں گے بلکہ قومی وسائل کا بھی ضیاع ہوگا۔پاکستان اس وقت ماحولیاتی تبدیلیوں کے سنگین اثرات کا سامنا کررہا ہے۔حکومت اور مختلف ادارے ہر سال شجرکاری مہمات پر کروڑوں روپے خرچ کرتے ہیں، آگاہی مہمیں چلائی جاتی ہیں اور شہری علاقوں میں ہزاروں پودے لگائے جاتے ہیں تاکہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی لائی جاسکے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔تاہم متعلقہ اداروں کی جانب سے پودے لگانے کے بعد ان کی مناسب دیکھ بھال نہ کیے جانے کے باعث بیشتر منصوبے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ذرائع کے مطابق راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے متعلقہ شعبے کی انچارج زیادہ تر وقت ٹیکس، ڈی آئی پی اور اکاؤنٹس سے متعلق امور میں مصروف رہتی ہیں، جس کے باعث فیلڈ میں نگرانی کا فقدان ہے۔نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے ماتحت عملہ من مانیوں میں مصروف ہے اور لگائے گئے درختوں کی آبپاشی، نگہداشت اور حفاظت پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی جارہی۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر یہ درخت سوکھ گئے تو محکمے کو مالی نقصان ہوگا اور یہ نقصان دراصل عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے وسائل کا ضیاع ہوگا۔شہریوں اور سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بھاٹا گراؤنڈ میں لگائے گئے درختوں کی فوری بنیادوں پر دیکھ بھال یقینی بنائی جائے اور ذمہ دار اہلکاروں کا تعین کیا جائے تاکہ شجرکاری مہم کے ثمرات محفوظ رہ سکیں۔اس حوالے سے راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے ترجمان عمران عجیب سے متعدد بار رابطہ کرنے اور موقف جاننے کے لیے کالز کی گئیں، تاہم خبر فائل ہونے تک ان کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ ان کا موقف موصول ہونے کی صورت میں اسے بھی شائع کیا جائے گا۔

بقیہ 51

اسلام آباد پولیس تھانہ سمبل، تھانہ سنگجانی اور تھانہ کرپا پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیرقانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے گرام 1,081 آئس اور مختلف بور کے تین عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلئے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروروان کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 16 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ 52

سلسلے میں مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد پاکستان کی وسیع بنجر اور صحرائی زمینوں کو زرعی پیداوار کے قابل بنانا ہے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق یہ شراکت داری چین کے سنکیانگ میں واقع تارم یونیورسٹی (UniversityTarim) اور پاکستان کی محمد نواز شریف یونیورسٹی آف ایگریکلچر (MNSUA) ملتان کے درمیان قائم کی گئی ہے، توقع ہے کہ یہ پلیٹ فارم صحرائی زراعت کے شعبے میں ٹیکنالوجی کی منتقلی، سائنسی تحقیق اور کسانوں کی تربیت کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔پاکستان کی جانب سے چیف سائنسدان ڈاکٹر عابد علی نے بتایا کہ اس تعاون کے تحت متعدد جدید ٹیکنالوجیز متعارف کرائی جائیں گی جن میں شمسی توانائی سے چلنے والے گرین ہاؤس سسٹمز، پریسیژن ایگریکلچر، ڈرون کے ذریعے فصلوں کی نگرانی، اور پانی کی بچت کے لیے ڈرپ آبپاشی کے نظام شامل ہیں۔

بقیہ 53

جنگ میں کوئی ہدف حاصل نہ کرسکا، جب ایران نے کاری ضربیں لگائیں تو امریکہ مذاکرات کی طرف آیا۔منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کے کردار کو سراہا، تاہم واضح کیا کہ اسرائیل کے ناسور کی موجودگی میں مشرق وسطی میں پائیدار امن کے قیام کا امکان ممکن نہیں۔حافظ نعیم الرحمن نے آزاد کشمیر میں مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور اس سلسلے میں جماعت اسلامی کی جانب سے تعاون کی پیشکش کی۔نائب امیر ڈاکٹر عطاالرحمٰن، ڈپٹی سیکرٹریز ممتاز سہتو، نذیر جنجوعہ اور رسل خان بابر بھی اس موقع پر موجود تھے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے مطالبہ کیا کہ پٹرول کی قیمت فوری طور پر 225 روپے فی لیٹر کی جائے، پٹرول پر عائد لیوی ختم کی جائے اور قیمتوں کو تین سال کے لیے منجمد کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اب 10 یا 20 روپے کی کمی سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، عوام کو حقیقی ریلیف دینا ہوگا، ڈیزل اور بجلی کی قیمتیں بھی کم کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی اور علاقائی حالات معمول پر آنے کے بعد پاکستان میں بھی عوام کو سہولیات دی جائیں، حکومت 28 فروری کی سطح پر اشیائے ضروریہ کی قیمتیں واپس لائے، لاک ڈاؤن ختم کرے اور مہنگائی کا بوجھ عوام پر ڈالنے کے بجائے اپنی شاہ خرچیاں کم کرے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکمران آئی ایم ایف کے احکامات کا بوجھ عوام پر منتقل کرتے ہیں، حالانکہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور ٹیکسوں کے دباؤ کا شکار ہیں۔موٹر سائیکل چلانے والا عام غریب آدمی، مزدور، طالب علم اور عوام لیوی کی مد میں حکومت کو سالانہ 400 ارب روپے ادا کررہے ہیں، جبکہ جاگیرداروں سے صرف 10 سے 12 ارب روپے ٹیکس وصول کیا گیا۔حکومت نے جنگی حالات میں بھی عوام پر ٹیکس عائد کرکے ظلم کیا۔آئی پی پیز کو کیپسٹی پیمنٹ کی مد میں حکومت عوام سے 1800 ارب روپے وصول کرچکی ہے، انہی حالات میں پنجاب کی وزیراعلیٰ نے 11 ارب روپے کا جہاز خریدا، چیئرمین سینیٹ کے لیے 9 کروڑ روپے کی گاڑی خریدی گئی، جبکہ اسمبلی ارکان کی تنخواہوں میں 500 فیصد اضافہ کیا گیا اور ملازمین کی تنخواہوں میں صرف 10 فیصد اضافہ ہوا۔حکومت کا کام عوام کو نمائشی اسکیمیں دینا نہیں بلکہ درست پالیسیاں بنانا ہے۔

بقیہ 54

جاری کرتے ہوئے کہا کہ عزاداران کی جان و مال کے تحفظ، مجالس وجلوسوں کے پرامن انعقاد اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوان مکمل چوکس رہیں اور اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دیں۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے منتظمین کے ساتھ مؤثر رابطہ اور مکمل ہم آہنگی برقرار رکھی جائے، جبکہ جاری کردہ سکیورٹی پلان پر سختی سے عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ایس ایس پی آپریشنز نے افسران کو مشکوک افراد اور سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے، داخلی و خارجی راستوں کی مؤثر نگرانی کرنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری اور مؤثر ردعمل کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس محرم الحرام کے دوران شہریوں اور عزاداران کو محفوظ اور پرامن ماحول کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت الرٹ ہے اور تمام سکیورٹی اقدامات کو مؤثر انداز میں یقینی بنایا جارہا ہے۔

جلوسوں اور مجالس کی فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی ڈویژن میں یومِ عاشور کے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت، تمام محکمے 6 محرم سے قبل تیاریاں مکمل کریں

یومِ عاشور کے تمام جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ملک صہیب احمد بھرتھ

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیرِ صدارت راولپنڈی ڈویژن میں یومِ عاشور کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سی اینڈ ڈبلیو کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا جس میں کمشنر راولپنڈی ڈویژن عامر خٹک، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز، راولپنڈی، جہلم، اٹک، چکوال اور مری کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈسٹرکٹ پولیس افسران سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر کو راولپنڈی ڈویژن بھر میں یومِ عاشور کے حوالے (بقیہ نمبر 26)

کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ٹیرف میں 5 فیصد مجوزہ اضافہ منجمد

تجارتی شعبے کو 500 ملین روپے کا ریلیف ملے گا، وزیرِ بحری امور انور چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے مالی سال 2026-27 کیلئے مجوزہ 5 فیصد ٹیرف اضافے کو منجمد کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے درآمد کنندگان، برآمد کنندگان اور عوام کو مجموعی طور پر 500 ملین روپے سے زائد کا ریلیف ملے گا۔ وزارت سے جاری (بقیہ نمبر 27)

ایس پی راول سعد ارشد کا راول ڈویژن کے علاقہ میں امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ کر رہے ہیں، ایس ڈی پی او نیوٹاؤن، ایس ڈی پی او وارث خان اور ایس ایچ اوز بھی ہمراہ تھے

سینئر صحافی فرحان ارشد بھٹی کے ساتھ مبینہ بدتمیزی کیخلاف احتجاج

غیر مناسب رویہ اختیار کرنا کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں، مظاہرین

شاہ کوٹ (میاں داؤد) شاہکوٹ میں سینئر صحافی فرحان ارشد بھٹی کے ساتھ پیرا فورس کے اہلکاروں کی مبینہ بدتمیزی اور ناروا سلوک کے خلاف صحافتی برادری، تاجر تنظیموں، اساتذہ کرام، وکلاء برادری اور سول سوسائٹی نے میلادِ مصطفیٰ چوک میں (بقیہ نمبر 29)

ملائیشیا کے راستے مشرقی تیمور، نیوزی لینڈ اسمگلنگ کا منصوبہ ناکام

ایک مسافر کی معمول کی جانچ پڑتال کے دوران منظم منصوبے کا انکشاف ہوا

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ پر انسانی اسمگلنگ کی منظم کوشش ناکام بنا کر 5 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن لاہور نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے ملائیشیا کے راستے مشرقی تیمور اور نیوزی لینڈ اسمگلنگ کا منصوبہ ناکام بنایا۔ ایک مسافر کی معمول کی جانچ پڑتال کے دوران غیر قانونی سفر کے منظم منصوبے (بقیہ نمبر 30)

کراچی، ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو کا سی ڈی سی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سینئر انتظامیہ کے اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

RMK روڈ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل اولین ترجیح

RMK روڈ منصوبہ علاقے کی ترقی، سیاحت کے فروغ اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے

عوامی سہولت اور ٹریفک کی روانی ہر صورت برقرار رکھی جائے: ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیرِ صدارت اجلاس

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایات اور نگرانی میں RMK روڈ پروجیکٹ کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں منصوبے پر جاری پیش رفت، درپیش مسائل اور بروقت تکمیل کے لیے آئندہ لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کی جبکہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری رضا تنویر، ایڈیشنل ڈپٹی (بقیہ نمبر 32)

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کینٹ کے علاقہ میں سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ کر رہے ہیں

سی ایم انیشیٹوز پر عملدرآمد میں غفلت برداشت نہیں، ڈپٹی کمشنر ننکانہ

غلط رپورٹنگ پر افسران کو شوکاز نوٹس، متعدد اہلکاروں کی معطلی کے احکامات جاری

سانگلہ ہل (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیرِ صدارت سی ایم انیشیٹوز پر عملدرآمد بارے جائزہ اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی ایم انیشیٹوز پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سی ایم انیشیٹوز پر عملدرآمد نہ کرنے اور پورٹل پر غلط رپورٹنگ کرنے والے افسران کو جواب طلبی کے نوٹس جاری کر (بقیہ نمبر 34)

لاہور میں بلوٹوتھ کے ذریعے بجلی چوری کا انکشاف

کارروائی کے میٹر ٹیمپرڈ پایا گیا، جو بلوٹوتھ ڈیوائس کے ذریعے کنٹرول کیا جا رہا تھا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے ایسٹرن سرکل میں بجلی چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران جدید طریقے سے بجلی چوری کے کئی کیسز سامنے آئے ہیں۔ ترجمان لیسکو کے مطابق ایس ای ایسٹرن عمر بلال کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں کارروائیاں کی گئیں، جن کے دوران محمود بوٹی سب ڈویژن میں (بقیہ نمبر 35)

پہلی بارش نے ترقیاتی منصوبوں کا پول کھول دیا

نیا فلائی اوور اور پانی ہی پانی، خواجہ کارپوریشن چوک منصوبہ سوال بن گیا، پانی جمع ہونے سے ٹریفک کا نظام درہم برہم

اربوں روپے کے منصوبے کے باوجود معمول کی بارش میں سڑکوں کا یہ حال انتہائی تشویشناک ہے، شہریوں کا ردعمل

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) اڈیالہ روڈ خواجہ کارپوریشن چوک فلائی اوور کی تکمیل کے بعد شہر میں ہونے والی پہلی ہی بارش نے ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی دعوؤں کی حقیقت کھول کر رکھ دی۔ چند ہی دیر کی بارش نے پورے علاقے کو تالاب میں تبدیل کر دیا، جہاں فلائی اوور کے اوپر اور نیچے دونوں جگہ پانی جمع ہونے سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ بارش شروع ہوتے ہی موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں سڑک پر جگہ جگہ پھنس گئیں، شہری گھنٹوں پریشانی میں مبتلا رہے جبکہ متعدد مقامات پر ٹریفک مکمل طور پر جام ہو گئی۔ پیدل چلنے (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی: موسلا دھار بارش سے سڑکیں پانی میں ڈوبی ہوئی ہیں، موٹر سائیکل سوار جمع بارش کے پانی سے گزر رہے ہیں

شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 3 اشخاص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے ساتھیوں کے ہمراہ شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 3 اشخاص گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 3 اشخاص کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق زیرِ حراست (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 افراد گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیرِ حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، نصیر آباد، جاتلی اور روات کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ بلا لائسنس اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راولپنڈی، 5 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چکلالہ پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے 01 کلو 650 گرام چرس برآمد کی، کینٹ پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 15 لیٹر شراب برآمد کی، واہ کینٹ پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے 10 لیٹر (بقیہ نمبر 31)

چھریوں کے وار سے راہگیر سمیت 3 شہریوں کو زخمی کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے ساتھی کے ہمراہ چھریوں کے وار سے راہگیر سمیت 3 شہریوں کو زخمی کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ہفتے قبل سابقہ رنجش پر ساتھی کے ہمراہ چھریوں کے وار سے راہگیر سمیت 3 شہریوں کو زخمی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، سٹی پولیس (بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب چھٹا اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب چھٹا اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب چھٹے مجرم اشتہاری کو گرفتار کر لیا، زیرِ حراست اشتہاری نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر کے نعش کنویں میں پھینک دی تھی، نامعلوم نعش ملنے پر پولیس کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا، زیرِ حراست اشتہاری کے پانچ ساتھیوں کو قبل (بقیہ نمبر 36)

مئی 2026 میں 2 لاکھ 78 ہزار پاکستانی ملازمت کیلئے بیرون ملک گئے

اسلام آباد (این این آئی) رواں سال مئی 2026ء تک 2 لاکھ 78 ہزار 536 پاکستانی بیرون ملک ملازمتوں کی غرض سے چلے گئے۔ بیورو آف امیگریشن کے جاری ڈیٹا کے مطابق رواں سال 1 ہزار 284 ڈاکٹرز بیرون ملک ملازمت کیلئے گئے۔ ڈیٹا کے مطابق 52 ہزار 652 ڈرائیورز، 1 لاکھ 72 ہزار 6 مزدور، 2 ہزار 341 انجینئرز اور 487 نرسز ملازمت کے لیے بیرون چلے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں سال 1 لاکھ (بقیہ نمبر 38)

ایس پی صدر انعم شیر دو محرم الحرام کے جلوس کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہی ہیں، اے ایس پی صدر، ایس ایچ او صدر بیرونی اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے

پاکستان اور چین کا دواسازی میں اربوں ڈالر کی شراکت داری پر غور

پاکستان کی فارماسیوٹیکل مارکیٹ کی سالانہ مالیت 4 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی، سفیر خلیل ہاشمی

بیجنگ (این این آئی) پاکستان اور چین نے دواسازی، صحت اور بائیوٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے نئے مواقع کی نشاندہی کی ہے اس سلسلے میں اعلیٰ سفارتکاروں اور صنعتی رہنماؤں نے بیجنگ میں ایک اہم اجلاس میں شرکت کی تاکہ اگلے ماہ کراچی میں ہونے (بقیہ نمبر 39)

ایس ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل (بقیہ نمبر 40)

ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر رہے ہیں

آزاد کشمیر انتخابات، 37 حلقوں میں مسلم لیگ ن کے امیدوار نامزد

نواز شریف کی منظوری کے بعد ٹکٹوں کا اعلان کیا گیا، سابق وزراء اور اہم سیاسی شخصیات شامل

ایل اے 32-چکار سے سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان امیدوار نامزد

لاہور (این این آئی) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات 2026ء کے لیے پاکستان مسلم لیگ (ن) نے 37 حلقوں سے اپنے امیدواروں کی فہرست جاری کر دی، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے امیدواروں کی منظوری دی جس کے بعد پارٹی نے مختلف حلقوں میں سابق وزراء، سیاسی شخصیات اور اہم رہنماؤں کو ٹکٹ جاری کیے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے جاری کردہ فہرست کے مطابق ایل اے 02-چکسواری سے عظیم بخش چوہدری، ایل اے 03-میرپور سٹی سے چوہدری محمد سعید، ایل اے 04-کھڑی سے چوہدری رخسار احمد، ایل اے 05-برنالہ سے وقار احمد نور کو امیدوار نامزد کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایل اے 06-سماہنی سے محمد رزاق چوہدری، ایل اے 07-بھمبر سٹی سے چوہدری طارق (بقیہ نمبر 41)

گاڑی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

نیوٹاؤن پولیس نے مسروقہ مہران کار و 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے

راولپنڈی (این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے گاڑی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار کر کے مسروقہ مہران کار و 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گاڑی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا، زیرِ حراست گینگ کے سرغنہ سے مسروقہ مہران کار و 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوا۔ ایس پی (بقیہ نمبر 42)

نیوٹاؤن پولیس کی کارروائی، گاڑی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

سرچ آپریشن، 12 مشکوک افراد، 11 موٹر سائیکل تھانے منتقل

زونل ایس پیز کی زیرِ نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 12 مشکوک افراد اور 11 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری (بقیہ نمبر 43)

کندھکوٹ سیپکو کیخلاف غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کرنے پر مظاہرین احتجاج کر رہے ہیں

بیٹی سے جنسی زیادتی کے مقدمے میں گرفتار ملزم کی درخواست ضمانت مسترد

وکیل صفائی کے دلائل متاثرہ بچی کے صدمے کو معمولی ثابت کرنے کی کوشش کی، ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے بیٹی سے مبینہ زیادتی مقدمے میں گرفتار ملزم کی درخواست ضمانت مسترد کر دی۔ جمعرات کو سندھ ہائیکورٹ میں بیٹی سے مبینہ زیادتی کے مقدمے میں گرفتار ملزم کی درخواست ضمانت کی سماعت ہوئی۔ وکیل صفائی نے موقف اپنایا کہ مقدمہ جھوٹا اور گھریلو تنازعات کا نتیجہ ہے۔ مدعیہ کی ملزم کیساتھ تیسری شادی تھی، شادی کے وقت کیے گئے وعدوں پر بعد میں اختلافات پیدا ہو گئے، طبی شواہد بھی ملزم کیخلاف الزامات کی تائید نہیں کرتے۔ عدالت نے وکیل صفائی کے دلائل پر اظہار برہمی کیا۔ عدالت (بقیہ نمبر 44)

سابق جنرل سیکرٹری پوٹھوہار پریس کلب زرین خان کا بھائی سپردِ خاک

نمازِ جنازہ میں صحافیوں، وکلا اور سیاسی وسماجی، ادبی شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سابق جنرل سیکرٹری زرین خان کے چھوٹے بھائی گل زمین خان کو بوبڑ والے قدیمی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ ان کی نمازِ جنازہ علامہ سجاد ساجد نے پڑھائی، جس کے بعد مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ گل زمین خان کی نمازِ جنازہ میں پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صحافیوں، تحصیل بھر کی دیگر صحافی برادری، تاجروں، وکلاء (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

چوہدری شافع حسین کی یو اے ای کے سفیر سے ملاقات

پنجاب اور متحدہ عرب امارات کے مابین معاشی تعاون بڑھانے کیلئے مختلف تجاویز پر غور، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، فوکل پرسنز مقرر

متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کار پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کریں، ہر ممکن سہولت دیں گے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اسلام آباد میں متحدہ عرب امارات کے سفارت خانے متحدہ عرب امارات کے سفیر سالم محمد سلیم بواب ذہبی سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ معاشی تعاون، پنجاب میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے مواقع اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران پنجاب اور متحدہ عرب امارات کے مابین (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی: جامع مسجد روڈ پر خستہ حال عمارتیں مون سون کے موسم میں حادثات کا ممکنہ خطرہ ہیں

محکمہ جنگلی حیات کی کارروائی، غیر قانونی طور پر قید کالا ریچھ بازیاب

لاہور (این این آئی) پنجاب کے ضلع جھنگ میں محکمہ جنگلی حیات نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر قید رکھے گئے ایک نر کالے ریچھ کو بازیاب کر لیا۔ محکمہ جنگلی حیات کے مطابق اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر جھنگ سلیم سرگانہ نے وائلڈ لائف رینجرز کی ٹیم کے ہمراہ خصوصی آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی طور پر رکھے گئے کالے ریچھ کو بازیاب کر کے اس کے مالک کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے خلاف پنجاب وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر (بقیہ نمبر 47)

پاکستان کا بحران صرف معاشی نہیں بلکہ سیاسی اور آئینی بھی ہے

وزیراعظم اپوزیشن کو مذاکرات کیلئے قائل کرے، شاہ محمود قریشی، محمود الرشید

لاہور (این این آئی) نو مئی کے مقدمات میں کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنماؤں نے قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی، علامہ راجہ ناصر اور چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کے نام لکھے گئے خط میں کہا ہے کہ اپوزیشن قیادت وزیر اعظم کو میثاق معیشت کی بجائے میثاق پاکستان پر مذاکرات کے لیے قائل کرے، اپوزیشن قیادت وزیر اعظم کو نکات پر (بقیہ نمبر 48)

محمد اشرف کو ڈی جی پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کا اضافی چارج دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ صحت و آبادی محمد اشرف کو ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کا اضافی چارج سونپ دیا۔ اس تقرری کا اطلاق فوری طور پر ہوگا اور وہ مزید احکامات تک اپنے موجودہ فرائض کے ساتھ یہ اضافی ذمہ داریاں بھی سرانجام دیں گے۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، 3 معروف فوڈ پوائنٹس بند

15 لیٹر زائد استعمال شدہ ناقص فرائنگ آئل تلف کر دیا گیا' ڈی جی سید موسیٰ رضا

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 معروف فوڈ پوائنٹس بند کر دیئے جبکہ 156 لیٹر زائد استعمال شدہ ناقص فرائنگ آئل تلف بھی کر دیا گیا۔ لاہور میں صحت دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کے حکم پر مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 6 معروف فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کے دوران 3 بند اور 3 کو 4 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد کیا گیا (بقیہ نمبر 49)

بھاٹا گراؤنڈ لاکھوں روپے کی شجرکاری مہم خطرے میں

مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث درخت خشک لکڑیوں میں تبدیل، عوامی ٹیکس کا پیسہ ضائع ہونے کا خدشہ

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے متعلقہ شعبے کی نگرانی نہ ہونے سے عملہ من مانیوں میں مصروف

ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز کے باوجود شجرکاری منصوبے عدم توجہی کا شکار، شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (مدثر الیاس کیانی سے) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں واقع بھاٹا گراؤنڈ میں شجرکاری مہم کے تحت لگائے گئے درجنوں درخت مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث سوکھ کر خشک لکڑیوں میں تبدیل ہوتے جا رہے ہیں۔ مقامی شہریوں کے مطابق اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو مذکورہ علاقے میں لگائے گئے بیشتر درخت مکمل طور پر مردہ ہو جائیں گے، جس سے نہ صرف (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں واقع بھاٹا گراؤنڈ میں شجرکاری مہم کے تحت لگائے گئے درجنوں درخت مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث سوکھ کر خشک لکڑیوں میں تبدیل ہونے لگے

16 اشتہاری سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 16 اشتہاری سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 51)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سے ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ سے اہم ملاقات کر رہے ہیں

ہنگو، آسمانی بجلی گرنے سے 3 افراد جاں بحق، 4 زخمی

ہنگو (این این آئی) خیبرپختونخوا کے ضلع ہنگو میں آسمانی بجلی گرنے سے 3 افراد جاں بحق، 4 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق واقعہ تھانہ کلایا کے علاقے میروبک میں پیش آیا۔ حکام کے مطابق نعشوں اور زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔

پاکستان کی پہلی جوائنٹ لیبارٹری فارڈیزرٹ ایگریکلچر کا افتتاح

ملتان (این این آئی) پاکستان اور چین نے صحرائی زراعت اور باغبانی کے شعبے میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے پاکستان کی پہلی جوائنٹ لیبارٹری فار ڈیزرٹ ایگریکلچر اور سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بیک یارڈ آن ڈیزرٹ ہارٹیکلچر کا افتتاح کر دیا اس (بقیہ نمبر 52)

جماعت اسلامی پٹرول کی قیمتوں میں بڑی کمی کیلئے احتجاج کریگی

اگر مطالبہ پر عملدرآمد نہ ہوا تو چاروں صوبوں میں طویل دھرنے دیئے جائیں گے' حافظ نعیم الرحمٰن

امریکہ، ایران معاہدہ خطے کے لیے مثبت پیشرفت ہے، پاکستان نے بہترین کردار ادا کیا' منصورہ میں پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرول کی قیمتوں میں بڑی کمی کے لیے آج (جمعہ) ملک گیر احتجاج کا اعلان کرتے ہوئے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ اگر مطالبہ پر عملدرآمد نہ ہوا تو چاروں صوبوں میں طویل دھرنے دیئے جائیں گے، امریکہ، ایران معاہدہ خطے کے لیے مثبت پیشرفت ہے، پاکستان نے اس سلسلے میں بہترین کردار ادا کیا اور خلیجی ریاستوں کے ساتھ مل کر امن کے لیے کوششیں کیں، اسرائیل اور امریکہ نے مل کر ایران پر حملہ کیا لیکن امریکہ اس (بقیہ نمبر 53)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا ترلائی امام بارگاہ کا دورہ

سکیورٹی پلان پر سختی سے عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، قاضی علی رضا

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے ترلائی امام بارگاہ کا دورہ کر کے محرم الحرام کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام اور فول پروف سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ترلائی امام بارگاہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امام بارگاہ کے اطراف سکیورٹی انتظامات، داخلی و خارجی راستوں، جلوسوں کے روٹس، چیکنگ پوائنٹس اور تعینات پولیس نفری کے فرائض کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے موقع پر موجود افسران کو ہدایات (بقیہ نمبر 54)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035